رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹرانچیف وسیم احمد
جلد 38 جمعرات 04 ربیع الثانی 1448ھ 17 ستمبر 2026ء شمارہ 65
فون 2832244-2829384 فیکس 2832255

مکہ معاہدہ فریضہ ہے جسے پاکستان اپنے دل کے نہایت قریب رکھتا ہے، شہباز شریف

پاکستان کا حوثی حملوں کیخلاف سعودی دفاعی اقدامات کی مکمل حمایت کا اعلان

پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور سلامتی کی حمایت کرتا، باب المندب میں حملوں سے دنیا کی معیشت متاثر ہوگی، حوثیوں کی جارحانہ کارروائیوں کو علاقائی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیا، عاصم افتخار

مکہ پر ڈرون حملے کی گھناؤنی کوشش ناقابل معافی، حرمین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ ہے، تمام فریقین سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ اور مزید کشیدگی کے دہانے سے پیچھے ہٹنے کی اپیل کرتا ہوں، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ المکرمہ پر ڈرون حملے کی گھناؤنی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت (بقیہ نمبر 35 صفحہ 6 پر)

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان حوثی حملوں کے خلاف (بقیہ نمبر 36 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم سے سبکدوش ہونے والے فرانسیسی سفیر کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

آٹو پالیسی کے مسودے کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس کا فیصلہ

وزیراعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا، اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 2026-31 سے متعلق کمیٹی نے پالیسی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

دہشت گرد عناصر امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

ریاست ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دے گی، جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آڑنجی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور ممتاز قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل کے مہمان خانے پر دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے حملے میں ایک پولیس اہلکار اور میر شفیق الرحمان مینگل (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا رابرٹ بریٹ ویلیکو یچ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے امریکی کمپنی کے وفد کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور دفاعی ٹیکنالوجی کے بدلتے رجحانات پر تبادلہ خیال

قومی سلامتی اور ملکی استحکام کو مضبوط بنانے میں تکنیکی جدت کی اہمیت پر زور، روابط مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے رابرٹ بریٹ ویلیکو یچ کی قیادت میں دفاعی اور اہم انفراسٹرکچر کے شعبوں میں خدمات فراہم کرنے والی امریکی کمپنی کے وفد نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں ملاقات کی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور دفاعی ٹیکنالوجی کے بدلتے رجحانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اس (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے اہم سمریوں کی منظوری دیدی

پمز ہسپتال کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی بھی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اہم سمریوں کی منظوری دے دی۔ اعلامیہ کے مطابق منظور شدہ سمریز میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے فرانسیسی سبکدوش ہونیوالے سفیر نکولس گیلی ملاقات کر رہے ہیں

بھارت کی جارحیت، دوایٹمی طاقتوں میں جنگ پاگل پن اور اسٹریٹجک حماقت ہے

مکہ معاہدہ شامل ممالک طے کرینگے کسی حملے کا ردعمل کیا ہوگا، ہمارے ملک میں لائحہ عمل کیسے ڈی جی آئی ایس پی آر

یہ دفاعی تعاون ہے، کوئی جارحانہ پہلو نہیں، باہمی دفاعی معاہدہ ایک دوسرے کیلئے معاون نوعیت کا ہے، پاکستان امن و استحکام کا سب سے بڑا حامی ہے، جنرل احمد شریف چوہدری

امریکہ اور ایران سے بیک وقت اچھے تعلقات ہیں، کسی ایک ملک سے تعلقات دوسرے کی قیمت پر نہیں، پاکستان مذاکرات اور ثالثی کے ذریعے پائیدار امن کا خواہاں ہے

تمام فریقین کو پرامن اور مذاکراتی حل کی جانب بڑھنا چاہیے، کسی ملک کے خلاف ہمارے جارحانہ عزائم نہیں، ہم نا صرف دفاع کر سکتے ہیں بلکہ سزا بھی دے سکتے ہیں، عرب ٹی وی کو انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ کسی حملے کا ردعمل کیا ہوگا، مکہ معاہدے میں شامل ممالک لائحہ عمل طے کریں گے۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن اور استحکام کا سب سے بڑا حامی ہے اور دوست ممالک کے ساتھ متوازن تعلقات کے باعث غیر جانب دار اور (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

پمز میں اصلاحات 3 ماہ میں مکمل اور اسلام آباد کے تمام اسپتالوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرنے کا حکم

وزیراعظم کی ڈبلیو ایچ او کی رپورٹ میں موجود تجاویز پر غور کر کے ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پمز میں اصلاحات تین ماہ میں مکمل کرنے اور اسلام آباد کے تمام اسپتالوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پمز اسپتال میں فائر سیفٹی سمیت نظام کی بہتری، اسے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انکوائری رپورٹ کی روشنی میں مجوزہ قلیل مدتی اقدامات آئندہ (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل سے معاونت طلب کرلی

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کا کیس آئینی عدالت کیسے سن سکتی ہے؟

آئینی عدالت نے مقدمات کا ریکارڈ منگوا کر سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم دیا، مقدمات کو سماعت کیلئے مقرر کرنے کے حکم کے کیا نتائج ہوں گے؟ اٹارنی جنرل اس نکتے پر معاونت کریں، جسٹس شاہد وحید

علاج سرکاری یا نجی ہسپتال میں ہوگا، یہ پوائنٹ فی الحال سائیڈ پر رکھ دیں، کیا ہمارے آرڈر کے باقی حصے پر عمل ہو رہا ہے؟ کیا ملاقاتیں اور بچوں سے بات کرائی گئی؟، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے اٹارنی جنرل سے معاونت طلب کی ہے کہ عمران خان کی اسپتال منتقلی کا کیس وفاقی آئینی عدالت کیسے سن سکتی ہے؟۔ بدھ کو بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی سے متعلق کیس کی سماعت سپریم کورٹ کے جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی آئینی عدالت نے کل حکم نامہ جاری کیا ہے، وفاقی آئینی عدالت نے اس مقدمے کا ریکارڈ طلب کیا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ عدالت نے 18 اگست کے آرڈر میں سرکاری افسران کو طلب کیا تھا لیکن کوئی پیش نہیں ہوا، کیا افسران کا پیش نہ ہونا حکم عدولی نہیں؟ کہیں نہ کہیں کوئی غلط فہمی موجود ہے، علاج سرکاری یا نجی اسپتال میں ہوگا، یہ پوائنٹ فی الحال سائیڈ پر رکھ دیں، کیا ہمارے آرڈر (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

بجلی چوری روکنے کیلئے فیڈر کے بجائے ٹرانسفارمرز کو آن آف کرنے کا نظام لانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے بجلی چوری روکنے کیلئے ٹرانسفارمرز کو آن آف کرنے کا نظام لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

نواز شریف نے آزاد جموں و کشمیر کے صدر کے عہدے کے لیے نامزد رہنما کے نام کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر جناب محمد نواز شریف نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو آزاد ریاست جموں و کشمیر کے صدر کے منصب پر نامزد کر دیا۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ نواز شریف (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

پاکستان داخلی سلامتی سے متعلق چین کے ساتھ تعاون مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے، محسن نقوی

چین پاکستان میں جدید طرز کے لا انفورسمنٹ سینٹر میں تعاون کریگا، وزیر داخلہ سے چینی نائب وزیر پبلک سیکیورٹی گاوچی کی ملاقات

پاک چین دوطرفہ تعلقات، انسداد دہشتگردی اور انسداد منشیات سے متعلق مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان داخلی سلامتی سے متعلق تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے اور اس سلسلے میں چین کے ساتھ اشتراک کو مزید بڑھایا جائے گا۔ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے چینی مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی اور جدید آلات سے بہت مدد مل سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے نائب وزیر پبلک سیکیورٹی گاوچی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

27 ستمبر لانگ مارچ سے قبل پی ٹی آئی رہنماؤں کو ہراساں اور گرفتار نہ کرنے کا حکم

کارکنوں کے گھروں پر چھاپے اور گرفتاریاں کی جا رہی ہیں، شعیب شاہین کا عدالت میں موقف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 27 ستمبر لانگ مارچ سے قبل پی ٹی آئی رہنماؤں کو ہراساں اور گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے قبل پی ٹی آئی رہنماؤں کو ہراساں کرنے کے خلاف کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے شعیب شاہین، ملک عامر علی اور دیگر کو ہراساں اور گرفتار کرنے سے روک دیا۔ کیس کی سماعت جسٹس رجعہ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لئے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لئے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبے کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
08102010 دن، مہینہ اور سال ایسے لکھیں

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
I اسلام آباد | A آزاد جموں و کشمیر | G گلگت بلتستان
S سندھ | P پنجاب | K خیبر پختونخوا | B بلوچستان

ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات ونشریات
حکومت پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID(I)2564-D/26

روزنامہ عوام
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
کھیلوں کی دنیا
انچارج شجاع



بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں کی کمی نہیں، کھیلوں کے میدان میں خواتین کی کامیابی پاکستان کی کامیابی ہے، ربابہ بلیدی

کھیل صرف جسمانی صحت اور فٹنس کا ذریعہ نہیں بلکہ نوجوان نسل میں مثبت سوچ، خوداعتمادی، برداشت، نظم وضبط اور آگے بڑھنے کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں

ہر سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔ صحت مند، باصلاحیت اور پُراعتماد نوجوان ہی ایک مضبوط، پُرامن اور ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد بن سکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان خصوصاً ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں کی مالک ہیں، کھیل کے میدانوں میں ان کی کامیابیاں نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعثِ فخر ہیں۔ نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع اور سہولیات فراہم کرکے ان کی صلاحیتوں کو ملک وقوم کی خدمت کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ 7ویں خواتین بلوچستان ووشو چیمپئن شپ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور چیف گیسٹ خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل کے میدان نوجوانوں میں خوداعتمادی، نظم و ضبط، برداشت اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بیٹیاں کھیل کے میدان میں کامیابیاں حاصل کرکے بلوچستان کی ایک مثبت اور روشن تصویر دنیا کے سامنے پیش کررہی ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین اور بچیوں کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کے تحفظ، تعلیم، صحت، خوداعتمادی اور معاشرے میں باوقار و فعال کردار کے لیے مؤثر اقدامات کر رہا ہے۔ خواتین اور بچیوں کو کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں کا مقصد خواتین اور بچیوں کو ایسا سازگار ماحول فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں بروئے کار لاسکیں۔ کھیلوں کی سرگرمیاں بچیوں میں خوداعتمادی، جسمانی صحت، نظم وضبط اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے خواتین کے لیے کھیلوں کے مواقع میں مزید اضافہ ضروری ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ جب بلوچستان کا نوجوان کھیل کے میدان میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو اس کامیابی کی خوشی پورے پاکستان کی خوشی ہوتی ہے، کیونکہ ہمارے نوجوان ہی ملک کا روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ووشو سمیت دیگر کھیلوں میں بلوچستان کی بچیوں کی بڑھتی ہوئی شرکت ایک مثبت اور حوصلہ افزا رجحان ہے۔ ہماری بیٹیاں اپنی محنت، عزم اور صلاحیت کے ذریعے یہ ثابت کررہی ہیں کہ انہیں اگر مناسب مواقع، تربیت اور سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کا نام بھی روشن کرسکتی ہیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں تعلیم، کھیل، ہنر اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کررہی ہیں۔ حکومت خواتین اور بچیوں کی سرپرستی اور ان کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے گی تاکہ بلوچستان کی بیٹیاں نہ صرف صوبے بلکہ پاکستان کا نام قومی و بین الاقوامی سطح پر روشن کرسکیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل صرف جسمانی صحت اور فٹنس کا ذریعہ نہیں بلکہ نوجوان نسل میں مثبت سوچ، خوداعتمادی، برداشت، نظم وضبط اور آگے بڑھنے کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔ خصوصاً لڑکیوں کے لیے کھیلوں کے میدان انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار، اعتماد میں اضافے اور معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے کے بہتر مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ بچیوں اور نوجوان خواتین کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی توانائیاں مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں صرف کریں۔ ووشو جیسے کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور فٹنس کو بہتر بناتے ہیں بلکہ نوجوانوں میں حوصلہ، عزم، نظم وضبط اور مثبت طرزِ فکر کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ کھیلوں کے میدانوں کو مزید آباد کیا جائے، نوجوان کھلاڑیوں بالخصوص ہماری بیٹیوں کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انہیں صوبائی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔

صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی 7ویں خواتین بلوچستان ووشو چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب میں فاتح ٹیم کی کھلاڑیوں کو ٹرافی دے رہی ہیں

وسیم اکرم نے فخر عالم کی ڈانس کی ویڈیو وائرل کردی

ایشین گیمز میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم (آج) تھائی لینڈ کے خلاف میچ کھیلے گی

پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کا جاپان کے شہر ناگویا میں بھرپور ٹریننگ سیشن

پاکستان ہاکی فیڈریشن نے بھارت میں ایشیئن چیمپئنز ٹرافی کھیلنے سے انکار کردیا

بھارتی اخبار نے اپنے ہی ملک کی دوہری معیار پر سوال اٹھا دیا

پی سی بی اکتوبر میں سری لنکا انڈر 17 ٹیم کی میزبانی کرے گا

ایشین گیمز 2026 میں کھلاڑیوں کی رہائش کیلئے پانی میں ولیج آباد ہوگیا

ایف سی پورٹو پاکستان میں پہلی ڈیولپمنٹ اکیڈمی قائم کریگا

پاکستان، سری لنکا، بنگلہ دیش ویمنز انڈر 19 سہ فریقی سیریز کے شیڈول کا اعلان

سکول کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ایڈیشن کا باقاعدہ آغاز 19 ستمبر سے ہوگا

انٹیگریشن ایونٹ میں بیکن ہاؤس اور ایچی سن کالج کی ٹیمیں ایکشن میں ہوں گی، بیکن ہاؤس اور ایچی سن کالج کے درمیان کرکٹ میچ انٹیگریشن ایونٹ کا حصہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پی سی بی سکول کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے رواں سال کے ایڈیشن کا باقاعدہ آغاز 19 ستمبر سے ہوگا ... بڑے پیمانے پر دوبارہ آغاز ہوگا، رواں سال 100 اضلاع کے 1,400 سکولوں کے تقریباً 21000 طلبہ ...

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے مینز ون ڈے اور ٹی 20 پلیئرز کی رینکنگ جاری کردی

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مینز ون ڈے اور ٹی 20 پلیئرز کی رینکنگ جاری کردی، ون ڈے بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے شبمن گل کی پہلی اور پاکستان کے بابراعظم کی چھٹی پوزیشن برقرار ہے۔ سلمان علی آغا ایک درجہ بہتری کے بعد 14ویں نمبر پر آگئے، جنوبی افریقا کے کوئنٹن ڈی کاک 6 درجے تنزلی کے بعد 18ویں نمبر پر چلے گئے اور آسٹریلیا کے میٹ رینشا 54 درجے بہتری کے بعد 68ویں نمبر پر آگئے، ون ڈے بالرز کی رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ پاکستان کے ابرار احمد بدستور دوسری پوزیشن پر ہیں۔ نیوزی لینڈ کے مچل سینٹنر ایک درجہ بہتری کے بعد چوتھے، پاکستان کے شاہین آفریدی ایک درجہ بہتری کے بعد 7ویں اور آسٹریلیا کے نیتھن ایلس 20 درجے بہتری کے بعد 20ویں نمبر پر پہنچ گئے، ون ڈے آل راؤنڈرز کی رینکنگ میں افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی کی پہلی پوزیشن برقرار ہے، ٹی 20 بیٹرز کی رینکنگ میں بھارت کے ایشان کشن کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ ابھیشک شرما نے صاحبزادہ فرحان سے دوسری پوزیشن چھین لی اور ایک درجہ بہتری کے بعد دوسرے نمبر پر پہنچ گئے، صاحبزادہ فرحان تیسرے نمبر پر چلے گئے، ٹی 20 بالرز کی رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کی پہلی اور پاکستان کے ابرار احمد کی دوسری پوزیشن ہے۔

سمرقند اولمپیاڈ، پاکستان کا اسرائیل کیخلاف شطرنج میچ کا بائیکاٹ

فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے میچ کا بائیکاٹ کیا، ذیشان نقوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 46ویں فائیڈ ورلڈ چیس اولمپیاڈ 2026 میں اسرائیل کے خلاف میچ کا بائیکاٹ کردیا۔ چیس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر سید ذیشان نقوی کے مطابق ازبکستان میں منعقدہ ایونٹ میں دنیا بھر سے 203 ممالک کی ٹیمیں مدمقابل ہے۔ پاکستان کا پول راؤنڈ میں بدھ کو اسرائیل سے مقابلہ شیڈول تھا تاہم پاکستان نیا سرائیل سے مقابلہ کھیلنے سے انکار کرتے ہوئے میچ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ذیشان نقوی نے کہا کہ پاکستان کی اسرائیل کے حوالے سے واضح پالیسی ہے، حکومتی پالیسی کے خلاف اسرائیل سے میچ نہیں کھیل سکتے جبکہ فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے مقابلے سے دستبردار ہوئے ہیں۔ سمرقند میں ہونے والے عالمی چیس اولمپیاڈ میں دنیا بھر سے بڑی تعداد میں قومی ٹیمیں شریک ہیں۔ فائیڈ کے مطابق رواں ایونٹ میں اوپن اور ویمنز سیکشنز میں ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

امریکی ریاست نیوجرسی میں میراتھون کے شرکا کیلئے سیلاب زدہ راستے سے گزرنا چیلنج بن گیا

پیرامس (این این آئی) امریکی ریاست نیوجرسی کے شہر پیرامس میں ہاف میراتھون کے شرکا کے لیے سیلاب زدہ راستے سے گزرنا چیلنج بن گیا اور میراتھون تقریباً تیراکی کا مقابلہ بن گئی۔ رنرز کیلئے ہاف میراتھون کی دوڑ اس وقت خطرناک صورت حال میں تبدیل ہوگئی۔

چیئرمین پی سی بی کی ہدایت پر اسکول کرکٹ کا دائرہ کار ملک بھر میں پھیلانے کا فیصلہ

افتتاحی میچ کے بعد پی سی بی نے میوزیکل کنسرٹ کا اہتمام بھی کیا ہے، جس میں سنگر راحت فتح علی خان پرفارم کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی ہدایت پر اسکول کرکٹ کا دائرہ کار ملک بھر میں پھیلانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ نے اسکول کرکٹ سے قومی سطح پر نیا ٹیلنٹ سامنے لانے کا منصوبہ بنالیا۔ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار اسکولز کا اوپننگ میچ بیکن ہاس اور ایچیسن کالج کے درمیان ہفتے کو ہوگا۔ دوسرے سیزن کا پہلا میچ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ افتتاحی میچ کے بعد پی سی بی نے میوزیکل کنسرٹ کا اہتمام بھی کیا ہے۔ جس میں سنگر راحت فتح علی خان پرفارم کریں گے۔ افتتاحی میچ اور میوزیکل کنسرٹ کے لیے اسٹیڈیم میں شائقین کا داخلہ مفت ہوگا۔

گوادر، میر کلمتی سپورٹس فیسٹیول 2026ء کے دوران سورگ دل فٹبال اسٹیڈیم میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

برسوں کی محنت، عالمی چیمپئن بننے تک ان کا سفر آسان نہیں تھا، ارسلان صدیقی

اس وقت موبائل فون پر گیمنگ بھی عام نہیں تھی، بلکہ میرے پاس تو موبائل فون تک نہیں تھا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف ای گیمر ارسلان صدیقی، جو ای گیمنگ کی دنیا میں ارسلان ایش کے نام سے شہرت رکھتے ہیں نے ٹیکن میں عالمی سطح پر اپنی صلاحیت کا لوہا منوالیا۔ ایک انٹرویو میں 8 مرتبہ ایوو ٹائٹل جیتنے والے ارسلان ایش نے بتایا کہ عالمی چیمپئن بننے تک ان کا سفر آسان نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے برسوں کی محنت، جدوجہد اور محدود وسائل کے باوجود مسلسل پریکٹس شامل ہے۔ اپنی جدوجہد سے متعلق ایک سوال کے جواب میں ارسلان ایش نے بتایا کہ وہ ارسلان ایش جسے آج لوگ جانتے ہیں، اس نے بہت جدوجہد کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا تعلق ایک متوسط طبقے سے ہے اور اس وقت گیمنگ کے لیے زیادہ سپورٹ بھی حاصل نہیں تھی، اس دور میں پاکستان میں ای گیمنگ کو اتنا سنجیدہ نہیں لیا جاتا تھا اور عام طور پر اسے مستقبل کے پیشے کے طور پر نہیں دیکھا جاتا تھا۔ آج کے دور میں 8، 10 یا 12 سال کے بچے گیمنگ کرتے ہیں تو ان کے والدین بھی جانتے ہیں کہ گیمنگ کے ذریعے آگے بڑھنے کے مواقع موجود ہیں لیکن ہمارے زمانے میں ایسا نہیں تھا۔ اس وقت موبائل فون پر گیمنگ بھی عام نہیں تھی، بلکہ میرے پاس تو موبائل فون تک نہیں تھا۔ اس وقت آرکیڈ سینٹرز ہوا کرتے تھے جہاں دو یا تین روپے کا ٹوکن لے کر گیم کھیلی جاتی تھی۔ میں بھی اسکول سے واپسی کے بعد جیب خرچ کیلئے ملنے والے دو، تین روپے بچاتا اور ان ہی پیسوں سے ٹوکن خرید کر گیم کھیلا کرتا تھا، میں بھی ان بچوں میں سے ایک تھا جو آرکیڈ سینٹر جاکر گیم کھیلتے تھے اسی طرح میرے گیمنگ کے سفر کا آغاز ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے بہت مشکل حالات اور محدود وسائل میں یہ سفر طے کیا لیکن آج اللہ کا شکر ہے کہ میں جس مقام پر ہوں، وہاں پہنچنے میں کامیاب ہوا۔ ایک سوال کے جواب میں ارسلان ایش نے بتایا کہ سچ کہوں تو مجھے خود بھی یاد نہیں کہ میں نے کتنی پاکستانی اور بین الاقوامی چیمپئن شپ جیتی ہیں۔ میں نے پاکستان میں بھی بہت سے مقابلے جیتے ہیں اور بین الاقوامی سطح پر بھی کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ شاید یہ تعداد 50 سے زائد یا اس سے بھی زیادہ ہو، مجھے درست تعداد معلوم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کامیابیوں میں ایوو سمیت کئی بڑے ایونٹس شامل ہیں، ایوو ایک بڑا گیمنگ ایونٹ ہوا کرتا ہے اور ٹیکن میں اس وقت تک میں واحد کھلاڑی ہوں جس نے سب سے زیادہ ایوو ٹائٹلز جیتے ہیں۔ اس کے علاوہ کومبو بریکرز اور دیگر کئی مقابلے بھی جیت چکا ہوں۔ ارسلان ایش نے کہا کہ میری بڑی کامیابیوں میں ٹیکن ورلڈ ٹور فائنلز کی فتح شامل ہے، جو میں نے 2023 میں جیتی تھی، اس کے علاوہ ایوو میں بھی میں نے متعدد ٹائٹلز حاصل کیے ہیں۔ مستقبل کے پلان کے حوالے سے ارسلان نے بتایا کہ اتنی کامیابیوں کے بعد بھی ابھی بڑا ہدف باقی ہے۔ اب ایک نیا بڑا ٹورنامنٹ ای ڈبلیو سی ہے، جسے شروع ہوئے تقریباً 3 سال ہوئے ہیں۔ یہ سعودی عرب میں منعقد ہوتا ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں انعامی رقم بھی بہت زیادہ ہے اگر میں پہلی پوزیشن حاصل کرتا ہوں تو مجھے 3 لاکھ ڈالر ملیں گے۔ میرا مقصد ہے کہ اس مرتبہ میں پہلی پوزیشن حاصل کروں اور اس کے لیے بھرپور محنت کررہا ہوں۔ میں پوری کوشش کررہا ہوں کہ اس مرتبہ بھی اپنی کامیابی پاکستان کے نام کروں، میری سب سے درخواست ہے کہ جو لوگ مجھے دیکھ رہے ہیں اور میرے کھیل کو پسند کرتے ہیں، وہ میرے لیے دعا اور حوصلہ افزائی کریں۔

ویرات کوہلی کا بچپن کا پہلا کرش بالی ووڈ اداکارہ کرشمہ کپور تھیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے مایہ ناز کرکٹر ویرات کوہلی کا پہلا 'کرش' کرشمہ کپور تھیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق مایہ ناز کرکٹر ویرات کوہلی کا بچپن کا پہلا کرش بالی ووڈ اداکارہ کرشمہ کپور تھیں۔ کرشمہ کپور نے 1991 میں فلم پریم قیدی سے بالی ووڈ میں قدم رکھا اور 90 کی دہائی میں متعدد کامیاب فلموں کے ذریعے اپنی منفرد شناخت بنائی۔ اسی دور میں وہ نوجوان ویرات کوہلی کی پسندیدہ اداکارہ بن گئی تھیں۔ واضح رہے کہ 2012 میں فلم فیئر کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے عامر خان کو تینوں خانز میں اپنا پسندیدہ اداکار قرار دیا تھا جبکہ ایک ریپڈ فائر سیشن میں جینیلیا ڈی سوزا کو کیوٹ قرار دیتے ہوئے ان کے ساتھ کرکٹ کھیلنے کی خواہش ظاہر کی تھی تاہم بچپن کے پہلے کرش کے حوالے سے رپورٹس میں کرشمہ کپور ہی کا نام سامنے آتا ہے۔

زمبابوے کے وکٹ کیپر بیٹر برینڈن ٹیلر نے سب سے زیادہ عرصہ کھیلنے کا سچن ٹنڈولکر کا ریکارڈ توڑ دیا

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کے وکٹ کیپر بیٹر برینڈن ٹیلر نے آسٹریلیا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں سچن ٹنڈولکر کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ زمبابوین وکٹ کیپر بیٹر برینڈن ٹیلر سچن ٹنڈولکر کے بعد سب سے زیادہ عرصے تک ون ڈے کرکٹ کھیلنے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ سچن ٹنڈولکر نے 22 سال 91 دن تک ون ڈے کرکٹ کھیلی جبکہ برینڈن ٹیلر کو کھیلتے ہوئے 22 سال 148 دن ہوگئے ہیں۔ واضح رہے کہ سچن ٹنڈولکر کے پاس اب بھی ون ڈے کرکٹ میں سب سے زیادہ 18426 رنز بنانے اور سب سے زیادہ 463 میچز کھیلنے کا ریکارڈ موجود ہے۔ برینڈن ٹیلر نے 2004 میں ون ڈے کرکٹ میں ڈیبیو کیا وہ 207 میچوں میں 11 سنچریاں بناچکے ہیں۔ یاد رہے کہ پہلے ون ڈے میچ میں آسٹریلیا نے زمبابوے کو 59 رنز سے شکست دی، آسٹریلیا کی جانب سے دیے گئے 295 رنز کے تعاقب میں زمبابوے کی ٹیم 45.1 اوورز میں 235 رنز پر ڈھیر ہوگئی، برینڈن ٹیلر 4 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

محمد رضوان اور امام الحق کے موبائل فونز سے کوئی قابلِ ذکر چیز سامنے نہیں آئی، ذرائع

لاہور (این این آئی) کرکٹر محمد رضوان اور امام الحق کے معاملے پر ابتدائی تحقیقات میں موبائل فونز سے کوئی قابل ذکر چیز سامنے نہیں آئی۔ ذرائع کے مطابق محمد رضوان اور امام الحق کو این سی آئی اے نے ازخود نوٹس پر طلب کیا تھا اور دونوں کھلاڑیوں کے موبائل فون فرانزک کے لیے تحویل میں لیے گئے تھے۔ ذرائع کے مطابق موبائل فونز میں پیغامات اور رابطوں کا جائزہ لیا گیا، مزید فورنزک تجزیہ اسلام آباد ہیڈکوارٹرز میں جاری ہے، فورنزک میں مالی لین دین اور ممکنہ ٹرانزیکشنز کا سراغ لگایا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈریسنگ روم لیکس سے متعلق سوشل میڈیا معلومات بھی تحقیقات کا حصہ ہیں، رپورٹ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے حکام کو بھجوائی جائے گی، پی سی بی رپورٹ کی روشنی میں کھلاڑیوں کے بارے میں فیصلہ کرے گا۔ ذرائع کے مطابق امام الحق اور رضوان سے پوچھ گچھ کی گئی، انہیں باقاعدہ سوالنامہ نہیں دیا گیا۔

لیونل میسی کو 6 اکتوبر کو بینن کے خلاف ہونے والے دوستانہ میچ کیلئے قومی سکواڈ میں شامل

گزشتہ ماہ بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد ان کا الوداعی میچ ہوگا

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے نامور فٹ بالر لیونل میسی کو 6 اکتوبر کو بینن کے خلاف ہونے والے دوستانہ میچ کیلئے قومی سکواڈ میں شامل کرلیا گیا ہے، جو گزشتہ ماہ بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے بعد ان کا الوداعی میچ ہوگا۔ 39 سالہ لیونل میسی گزشتہ ماہ ارجنٹائن کی قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ 2 دہائیوں پر محیط بین الاقوامی کیریئر میں انہوں نے 2022 کا ورلڈ کپ جبکہ 2021 اور 2024 میں کوپا امریکا کے ٹائٹل جیتے۔ ارجنٹائن فٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر کلاڈیو تاپیا نے بتایا کہ دنیا کے بہترین کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو 6 اکتوبر کو ارجنٹائن میں شاندار الوداعی خراج تحسین پیش کرنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ یہ میچ بیونس آئرس کے ریور پلیٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، جہاں 85,000 تماشائیوں کی گنجائش ہے۔ کلاڈیو تاپیا نے 2022 ورلڈ کپ جیتنے والی تمام ٹیم کو بھی اس یادگار موقع پر شرکت کی دعوت دی ہے۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد لیونل میسی نے کہا تھا کہ یہ فیصلہ ان کے دل کے قریب ترین ہے لیکن اب آگے بڑھنے کا درست وقت آچکا ہے۔ ان کا یہ قومی ٹیم کے لیے 208 واں اور آخری میچ ہوگا، جہاں وہ ارجنٹائن کی جانب سے 125 گولز کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔ ارجنٹائن کی ٹیم 30 ستمبر کو کورڈوبا میں بولیویا کے خلاف اور 3 اکتوبر کو برکینا فاسو کے خلاف بھی فرینڈلی میچز کھیلے گی۔ دوسری جانب فیفا نے انگلینڈ کے خلاف میچ کے دوران غیرورزشی بینر لہرانے پر ارجنٹائن پر آئندہ ہوم میچ میں 50 فیصد تماشائیوں کی پابندی عائد کی ہے، جبکہ سپین کے خلاف ورلڈکپ فائنل میں بدنظمی پر لیونڈرو پریڈیس پر 10، ناہوئل مولینا پر 7 اور تھیاگو الماڈا پر 1 میچ کی پابندی بھی لگائی گئی ہے۔

کرسٹیانو رونالڈو کو النصر میں شمولیت کے بعد اپنی سب سے بڑی شکست کا سامنا

متحدہ عرب امارات کے کلب العین نے کرسٹیانو رونالڈو کے النصر فٹ بال کلب کو 0-4 سے ہرا دیا

ابوظہبی (این این آئی) کرسٹیانو رونالڈو کو النصر میں شمولیت کے بعد اپنی سب سے بڑی شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ایشین چیمپئنز لیگ ایلیٹ کے ابتدائی میچ میں متحدہ عرب امارات کے کلب العین نے کرسٹیانو رونالڈو کے النصر فٹ بال کلب کو 0-4 سے ہرادیا۔ ایشین چیمپئنز لیگ کا تاج اب تک حاصل نہ کرنے والی النصر کی ٹیم میچ کے 25ویں منٹ میں خسارے میں چلی گئی جب حسین رحیمی نے العین کی جانب سے پہلا گول کیا۔ دوبار کی چیمپئن ٹیم العین کے اس مراکشی فارورڈ نے کھیل کے 60ویں منٹ کے بعد اپنا دوسرا اور ٹیم کا بھی دوسرا گول داغ دیا۔ حسین رحیمی کے بھائی سفیان رحیمی نے میچ ختم ہونے سے 18 منٹ قبل تیسرا گول کیا اس کے بعد جیور جیوس جیا کوماکس نے ایک گول کر کے مقابلہ 0-4 کر دیا۔ اپنے کیریئر کے 980 ویں گول کی تلاش میں مصروف 41 سالہ کرسٹیانو رونالڈو کو میچ کے آخری لمحات میں ایک فری کک بھی ملی، جسے العین کے گول کیپر خالد عیسیٰ نے باآسانی روک لیا۔ اگست 2022 میں مانچسٹر یونائیٹڈ کی برینٹ فورڈ کے ہاتھوں 0-4 سے شکست کے بعد یہ کرسٹیانو رونالڈو کی موجودگی میں کسی ٹیم کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔ النصر کے کوچ انج پوسٹیکوگلو نے کہا کہ کھلاڑیوں نے اچھا کھیل پیش کیا لیکن وہ اس شکست کی ساری ذمہ داری ان پر نہیں ڈالتے، اس تمام تر ناکامی کی ذمہ داری ان کی اپنی ہے اور بحیثیت مجموعی پوری ٹیم کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس نتیجے کے بعد سعودی پرو لیگ کی اس اہم ٹیم کو آخری 4 میچوں میں صرف 1 کامیابی مل سکی ہے۔ دوسری جانب پہلے راؤنڈ میں سعودی عرب کے دیگر 5 کلبوں کے نتائج ملے جلے رہے، جہاں 4 بار کی چیمپئن الہلال نے قطر کے الغرافہ کلب کو 1-2 سے شکست دی، جبکہ الاہلی اور الاتحاد بالترتیب پاختاکور اور الشمال کے خلاف 1-1 سے ڈرا پر مجبور رہیں اور القادسیہ نے الوصل کو 1-2 سے ہرا کر اپنی مہم کا آغاز کیا۔


صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی 7ویں خواتین بلوچستان ووشو چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

انڈر 15 و 17 کی سطح سے کوچنگ کورس کرانے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، عاقب جاوید

سائیکالوجی پر کام کرنے کے ساتھ زبان کی رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے لینگویج کورسز بھی کرائے جائیں گے، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس کی گفتگو

فیصل آباد (این این آئی) ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی عاقب جاوید نے کہا ہے کہ انڈر 15 اور انڈر 17 کی سطح سے لیول ون کوچنگ کورس کرانے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، سائیکالوجی پر کام کرنے کے ساتھ زبان کی رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے لینگویج کورسز بھی کرائے جائیں گے۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انڈر 17 اسکلز ڈیولپمنٹ کیمپ فیصل آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ میں انڈر 15، انڈر 17، انڈر 19 اور فرسٹ کلاس پر مشتمل 4 درجوں کا نظام موجود ہے، نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت صرف بیٹنگ اور بولنگ تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔ عاقب جاوید نے کہا کہ انڈر 15 اور انڈر 17 کھلاڑیوں کو لیول ون کوچنگ کورس کرانے کا منصوبہ ہے، نوجوان کھلاڑیوں کو تکنیک، بیلنس اور کھیل کی بنیادی چیزوں کی سمجھ ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹرز کی ذہنی تربیت پر بھی ابتدا ہی سے کام کیا جائے گا، سائیکالوجی کو انڈر 15 اور انڈر 17 سطح پر پلیئر ڈیولپمنٹ پروگرام کا حصہ بنایا جائیگا جبکہ زبان کی رکاوٹ دور کرنے کے لیے نوجوان کھلاڑیوں کو لینگویج کورسز بھی کرائے جائیں گے۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی نے کہا کہ انڈر 19 سطح پر کوچنگ، ٹریننگ اور سائیکالوجی پروگرام کو لیول ٹو تک لے جائیں گے۔

ہیری بروک کے ٹی ٹوئنٹی کیریئر کی دوسری تیز ترین سنچری

کولمبو (این این آئی) انگلینڈ کے ٹی ٹوئنٹی کپتان ہیری بروک نے سری لنکا کے خلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میں جارحانہ بیٹنگ کی۔ ہیری بروک نے اپنے ٹی ٹوئنٹی کیریئر کی دوسری تیز ترین سنچری بنائی، انہوں نے 42 گیندوں پر سنچری مکمل کی، 49 گیندوں پر 114 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ہیری بروک کی اننگز میں 10 چوکے اور 6 چھکے بھی شامل تھے، انہوں نے ایک اوور میں 30 رنز بھی جوڑے، ہیری اور جوز بٹلر نے 60 گیندوں پر 128 رنز کی پارٹنرشپ بنائی۔ جوز بٹلر نے 44 گیندوں پر 8 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 80 رنز بنائے۔ انگلینڈ کی ٹیم نے سری لنکا کے خلاف 4 وکٹوں کے نقصان پر 254 رنز اسکور کیے۔

ورلڈ چیمپئن شپ جیت کر واپسی پر سری لنکن تھرو ور کے جیولین دوران پرواز ٹوٹ گئے

تمام پانچ جیولین کولمبو پہنچنے پر ٹوٹے ہوئے تھے، کوچ، رومیش تھارنگا نے ایئرلائن کے خلاف شکایت درج کروادی

کولمبو (این این آئی) سری لنکن جیولین تھرو ور رومیش تھارنگا پاتھیرج کے پانچوں جیولین دوران پرواز ٹوٹ گئے۔ وہ ورلڈ اتھلیٹکس الٹی میٹ چیمپئن شپ جیت کر وطن واپس پہنچے تو جیولین ٹوٹے ہوئے ملے۔ رومیش تھارنگا نے ہنگری سے سری لنکا واپسی کے دوران غیرملکی ایئرلائنز کی پرواز استعمال کی، رومیش کے کوچ کے مطابق پانچوں جیولین انتہائی احتیاط سے پیک کیے گئے تھے۔ کوچ نے بتایا کہ تمام پانچ جیولین کولمبو پہنچنے پر ٹوٹے ہوئے تھے۔ رومیش تھارنگا نے ایئرلائن کے خلاف شکایت درج کروادی۔ پانچوں خراب جیولن رومیش تھارنگا کی اہم کامیابیوں میں استعمال ہوچکے تھے۔ رومیش تھارنگا رواں سال تین مرتبہ 90 میٹر کی حد عبور کرچکے ہیں۔ انہوں نے زیورخ ڈائمنڈ لیگ میں 92.07 میٹر تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا تھا۔ رومیش تھارنگا نے گلاسگو کامن ویلتھ گیمز میں بھی نیرج چوپڑا کو شکست دے کر گولڈ میڈل جیتا۔ رومیش نے ورلڈ اتھلیٹکس الٹی میٹ چیمپئن شپ میں 91.09 میٹر تھرو کے ساتھ جیولین ٹائٹل جیتا۔ رومیش تھارنگا رواں سال 13 مقابلوں میں سے 12 جیت چکے ہیں، سری لنکا کی وزارت کھیل نے ایشین گیمز کیلئے رومیش تھارنگا کو نئے جیولین فراہم کرنے کا اعلان کردیا۔ ایشین گیمز 2026 جاپان کے شہر آچی ناگویا میں 19 ستمبر سے 4 اکتوبر تک ہوں گے۔

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

ایران امریکا مزید تحمل کا مظاہرہ کریں لڑائی جاری رہنا کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں، چین

آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں، نہیں چاہتے کہ خطے میں کشیدگی بڑھ کر یمن اور بحیرہ احمر تک پھیل جائے، چینی وزیرِ خارجہ وانگ ای

تہران (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے ایران اور امریکا پر دانشمندانہ رویہ اختیار کرنے اور تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے ملاقات کی۔ بیجنگ میں ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات میں چینی وزیرِ خارجہ وانگ ای کا کہنا تھا کہ دشمنی اور لڑائی جاری رہنا کسی بھی فریق یا عالمی برادری کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، نہیں چاہتے کہ خطے میں کشیدگی بڑھ کر یمن اور بحیرہ احمر تک پھیل جائے۔ چینی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران اور امریکا تدبر اور تحمل کا مظاہرہ کریں، ایران اور خلیجی ممالک کے درمیان مذاکرات کی حمایت کرتے ہیں۔ دشمنی اور لڑائی جاری رہنا کسی بھی فریق یا عالمی برادری کے مفاد میں نہیں۔ نہیں چاہتے کہ خطے میں کشیدگی بڑھ کر یمن اور بحیرہ احمر تک پھیل جائے۔ ایران اور امریکا تدبر اور تحمل کا مظاہرہ کریں۔

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، ایڈوکیٹ جنرل بلوچستان ملک لطیف کاکڑ شہید ہونے والے پولیس اہلکار محمد عباس کے جسد خاکی کو کندھا دے رہے ہیں

2014ء سے پہلے سے مصنوعی ذہانت کے خطرات پر غور کر رہا ہوں، مسک کا دعویٰ

نیویارک (این این آئی) مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس اور اسپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک نے انکشاف (بقیہ نمبر5 صفحہ 6 پر)

چین اور لٹویا کے مابین عملی تعاون پر مبنی تعلقات برقرار ہیں، چینی وزیر خارجہ

دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روایتی دوستی گہری ہے، لٹویا کے ہم منصب سے گفتگو

بیجنگ (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے لٹویا کی وزیر خارجہ بائیبا براڑے سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ منگل کے روز براڑے نے کہا کہ لٹویا اور چین نے حال ہی میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 35 ویں سالگرہ مشترکہ طور پر منائی ہے۔ کئی برسوں سے دونوں (بقیہ نمبر4 صفحہ 6 پر)

برکس سربراہی اجلاس میں میوے کھاتے بھارتی اعلیٰ حکام سوشل میڈیا پر مذاق بن گئے

نئی دہلی (این این آئی) برکس سربراہی اجلاس میں میوے کھانے والے بھارتی حکام سوشل میڈیا پر مذاق بن گئے۔ برکس سربراہی اجلاس کے دوران غیر ملکی رہنماؤں کی تقاریر کے وقت میوے کھانے کی ویڈیوز سامنے آنے کے بعد بھارتی حکام کو سوشل میڈیا پر طنز و تنقید کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں رندھیر جیسوال ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی تقریر کے دوران میووں کے ایک ڈبے سے کئی مرتبہ میوے نکالتے، (بقیہ نمبر2 صفحہ 6 پر)

ملائیشیا کے مزید علاقوں میں فضائی آلودگی کی صورتحال خراب

کم از کم 37 علاقوں میں ہوا کا معیار غیر صحت بخش ریکارڈ کیا گیا، ایئر پولیوٹنٹ انڈیکس مینجمنٹ سسٹم

کوالالمپور (این این آئی) ملائیشیا کے مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی صورتحال مزید خراب ہوگئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق ملک کے ایئر پولیوٹنٹ انڈیکس مینجمنٹ سسٹم کے اعداد و شمار کے مطابق منگل کو کم از کم 37 علاقوں میں ہوا کا معیار غیر صحت بخش ریکارڈ کیا گیا۔ شمالی بورنیو کی ریاست سراواک کے بعض علاقوں میں فضائی آلودگی کی صورتحال بدستور سب سے زیادہ خراب رہی، جہاں مقامی وقت کے مطابق صبح 10 بجے سیریان کے علاقے میں ایئر پولیوٹنٹ انڈیکس (اے پی آئی) 188 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ریاستی دارالحکومت کوچنگ میں یہ شرح 153 رہی۔ جزیرہ نما ملائیشیا میں ریاست سیلانگور کے جوہان سیتیا میں اے پی آئی 183 ریکارڈ کیا گیا، (بقیہ نمبر1 صفحہ 6 پر)

اپنی خود مختاری اور سلامتی کے تحفظ کیلئے جنگ سے نہیں ڈرتے، ایرانی کمانڈر

مشرقِ وسطیٰ میں بیرونی طاقتوں کی مداخلت نے علاقائی اتحاد کو نقصان پہنچایا ہے، دنیا امریکی یک طرفہ تسلط پسندی اور جنگل کے قانون کی مخالفت کرے، حبیب اللہ سیاری

بیجنگ (این این آئی) ایرانی فوج کے نائب کمانڈر حبیب اللہ سیاری نے کہا ہے کہ ایران اپنی خود مختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے جنگ سے نہیں ڈرتا۔ شیانگ شان فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر قسم کے امریکی دباؤ کی مذمت کرتے ہیں۔ ایرانی کمانڈر نے کہا کہ مشرقِ وسطیٰ میں بیرونی طاقتوں کی مداخلت نے علاقائی اتحاد کو نقصان پہنچایا ہے۔ حبیب اللہ سیاری نے کہا کہ دنیا امریکی یک طرفہ تسلط پسندی اور جنگل کے قانون کی مخالفت کرے۔ دوسری جانب ایرانی میڈیا نے بتایا کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی چین پہنچ گئے ہیں۔ ایرانی میڈیا نے کہا کہ بیجنگ میں عباس عراقچی کی چینی وزیر خارجہ وانگ ای سے ملاقات ہوئی۔



نور اللہ وطن دوست یونیورسٹی آف میڈیکل کے وائس چانسلر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی کو گورنر بلوچستان کیجانب سے اعزازی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

ایرانی فوج نے امریکی پائلٹ کے بیانات پر مضحکہ خیز ویڈیو بنا ڈالی

تہران (این این آئی) ایرانی فوج نے اصفہان سے ریسکیو کیے گئے امریکی پائلٹ کے بیانات پر مضحکہ خیز ویڈیو بنا ڈالی۔ طیارے پر حملے، پیراشوٹ تباہ ہونے، ہزاروں فٹ بلندی سے گرنے، زمین میں دھنسنے، واپس نکلنے اور دوبارہ ہزاروں فٹ بلند پہاڑ پر چڑھنے کی ویڈیو نے (بقیہ نمبر3 صفحہ 6 پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، ایڈوکیٹ جنرل بلوچستان ملک لطیف کاکڑ، کمانڈنٹ ایف سی اشفاق احمد، ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت و دیگر اعلیٰ حکام شہید کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

امریکا نے زمین کے مدار میں ہتھیار نصب کرنے کی تصدیق کر دی

یہ ہتھیار دشمن کی ممکنہ جارحانہ کارروائیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے، سیکرٹری فضائیہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے تصدیق کی ہے کہ اس نے زمین کے مدار میں ایک خلائی ہتھیار نصب کیا ہے۔ برطانوی ٹی وی کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ امریکی حکومت نے ایسی جارحانہ خلائی صلاحیت کے وجود کا باضابطہ اعتراف کیا ہے۔ امریکی فضائیہ کے سیکرٹری ٹرائے مینک نے کہا ہے کہ مدار میں موجود یہ ہتھیار امریکی افواج کو دشمن کی ممکنہ جارحانہ کارروائیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ ایئر، اسپیس اینڈ سائبر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ٹرائے مینک نے کہا کہ امریکا بدلتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ تاہم انہوں نے زمین کے مدار میں نصب کیے گئے اس نئے ہتھیار کی صلاحیتوں یا اسے کب مدار میں بھیجا گیا کے (بقیہ نمبر34 صفحہ 6 پر)

ترکیہ نے اپنے پہلے قمری خلائی جہاز کی تیاری اور جوڑنے کا عمل مکمل کر لیا

خلائی جہاز کو 2027 کے اوائل میں کینیڈی اسپیس سینٹر سے لانچ کیا جائے گا، وزیر ٹیکنالوجی

انقرہ (این این آئی) ترکیہ نے اپنے پہلے قمری خلائی جہاز کی تیاری اور جوڑنے کا عمل مکمل کر کے 3.5 میٹرک ٹن وزنی خلائی جہاز کو ماحولیاتی تجربات کے لیے ترک ایرو اسپیس انڈسٹریز (ٹی اے آئی) کے حوالے کر دیا۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق صنعت و ٹیکنالوجی کے وزیر مہمت فاتح کاشر نے ایک بیان میں کہا کہ خلائی جہاز کو 2027 کے اوائل میں کینیڈی اسپیس سینٹر سے لانچ کیا جائے گا اور اسے چاند کے گرد 100 کلومیٹر بلند قطبی مدار تک پہنچنے میں تقریباً دو ماہ لگیں گے۔ خلائی جہاز چاند کے مدار میں تین ماہ تک کام کرے گا، تاہم اس کی مدت کار کو ڈیڑھ سال تک بڑھانے کا امکان ہے۔ اس دوران مقامی طور پر تیار کردہ سائنسی آلات کے ذریعے شمسی ہواؤں، پانی کی تشکیل (بقیہ نمبر33 صفحہ 6 پر)

جرمنی اور امریکا کا دفاعی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

دونوں ممالک کے درمیان مستقبل کے اقدامات کے لیے سیاسی فریم ورک تشکیل دیدیا گیا

برلن (این این آئی) جرمن وزیر دفاع بورس پسٹوریئس اور امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ... دیئے۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق جرمن وزارت ... بنیاد ضروری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کی مضبوط دفاعی صنعتیں مستقبل میں ... (بقیہ نمبر6 صفحہ 6 پر)

جرمنی میں چھوٹا طیارہ گر کر تباہ، 3 ڈچ شہری ہلاک

(بقیہ نمبر7 صفحہ 6 پر)

کولمبیا میں 5.2 شدت کا زلزلہ، کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا

(بقیہ نمبر8 صفحہ 6 پر)

اسپیس ایکس نے 3 مواصلاتی سیٹلائٹ لانچ کر دیئے

(بقیہ نمبر10 صفحہ 6 پر)

آغا خان نیشنل کونسل پاکستان کے صدر ... اقوام متحدہ کے ... مقرر

(بقیہ نمبر9 صفحہ 6 پر)

متعدد عالمی کمپنیوں نے بھارت میں اپنی سرمایہ کاری صفر کر دی

بھارت اب ایشیا میں سرمایہ کاروں کی سب سے کم پسندیدہ مارکیٹ بن گیا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی شیئرز میں عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں نمایاں کمی آ گئی۔ عالمی جریدے کی رپورٹ کے مطابق متعدد کمپنیوں نے بھارت میں اپنی سرمایہ کاری صفر کر دی ... (بقیہ نمبر30 صفحہ 6 پر)

شمالی کوریا کا روس کے ساتھ مشترکہ تعاون وسیع کرنے کے عزم کا اظہار

سیئول (این این آئی) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان نے روس کے ساتھ مشترکہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے صدر ولادیمیر پیوٹن کی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ... (بقیہ نمبر31 صفحہ 6 پر)

چین کی قومی معیشت مستحکم رہی، ترقی کے معیار اور جدت میں بہتری کا رجحان برقرار

اگست میں اشیا کی درآمد و برآمد کا مجموعی حجم 4.6455 ٹریلین یوان رہا، دفتر ریاستی کونسل

(بقیہ نمبر32 صفحہ 6 پر)

امریکا اور حوثیوں کے درمیان عمان میں خفیہ مذاکرات

امریکی جہازوں کو نشانہ نہیں بنائیں گے، ہدف صرف سعودی جہاز ہیں، حوثیوں کی یقین دہانی

(بقیہ نمبر11 صفحہ 6 پر)

روس حملے روکے تو یوکرین بھی بعض اہداف پر حملے روکنے کو تیار ہے، زیلنسکی

(بقیہ نمبر29 صفحہ 6 پر)

سوڈان میں سونے کی کان اچانک منہدم، 60 کان کن ہلاک

حادثہ مغربی کردفان میں النہود کے قریب واقع ایک سونے کی کان میں پیش آیا، متعدد لاپتہ

(بقیہ نمبر28 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، بلوچستان یونیورسٹی کے طلباء نصیب اللہ، نوم وارث، محمد سلمان، ایوب صابر و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

برطانیہ، وائی فائی کی مدد سے المارئی میں چھپا منشیات فروش گرفتار

(بقیہ نمبر26 صفحہ 6 پر)

صومالیہ کے صدر سے رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

(بقیہ نمبر27 صفحہ 6 پر)

مصنوعی ذہانت انسانوں جیسا شعور حاصل کر چکی، ماہر کا دعویٰ

(بقیہ نمبر25 صفحہ 6 پر)

جاپانی وزیراعظم کا حکمراں جماعت اور کابینہ میں ردوبدل کا اعلان

(بقیہ نمبر24 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کے بیٹے کی شادی کے اخراجات پیوٹن کی قریبی شخصیت نے اٹھائے

اپنی شادی کے اخراجات میں انٹرنیشنل باکسنگ ایسوسی ... لیے بھی رقم فراہم (بقیہ نمبر23 صفحہ 6 پر)

ابوظہبی کے ولی عہد نے ڈرائیور کا شکریہ ادا کر کے صارفین کے دل جیت لیے

شیخ خالد کے اس انداز کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید آل نہیان کے حسنِ اخلاق نے سوشل میڈیا صارفین کے دل جیت لیے۔ شیخ خالد نئی دہلی سے روانگی سے قبل اپنے ڈرائیور سے ملنے کے لیے واپس پلٹے اور ان سے الوداعی سلام دعا کی، یہ منظر کیمرے کی آنکھ میں محفوظ ہو گیا۔ خیال رہے کہ شیخ خالد بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں 18 ویں برکس سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے موجود تھے، جہاں انہوں نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی نمائندگی کی اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ساتھ دوطرفہ امور پر بات چیت کی۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں شیخ خالد کو گاڑی سے اترنے کے بعد اہم شخصیات سے مصافحہ کرتے (بقیہ نمبر12 صفحہ 6 پر)

سعودی ولی عہد اور امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ کا خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے جدہ میں امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر کا خیر مقدم کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ملاقات میں سعودی عرب اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور خطے کی حالیہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر13 صفحہ 6 پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی سے قبائلی شخصیت سردار احمد جان آلہزئی ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب نومبر میں انٹرنیشنل میری ٹائم فورم کی میزبانی کرے گا

ریاض (این این آئی) سعودی رائل نیول فورسز 23 سے 25 نومبر تک ریاض میں سعودی انٹرنیشنل میری ٹائم فورم کا انعقاد کرے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان کی زیر سرپرستی یہ فورم اہم نیول کمانڈروں، پالیسی میکرز، ماہرین، انڈسٹری اور ٹیکنالوجی سیکٹر کے ماہرین کو اکٹھا کرے گا۔ فورم اپنے خصوصی سیشنز اور سرگرمیوں کے ذریعے اہم ایشوز پر توجہ مرکوز کرے گا جن میں بین الاقوامی سٹریٹیجک (بقیہ نمبر22 صفحہ 6 پر)

مصنوعی ذہانت سے متعلق خدشات جھوٹا پروپیگنڈا ہیں، ٹرمپ

اے آئی کی تیز رفتار ترقی کی مخالفت کرنے والے سیاسی عناصر بھی ہو سکتے ہیں، چین بھی ہو سکتا ہے، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی چپ ساز کمپنی این ویڈیا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جینسن ہوانگ کو لاس اینجلس میں جاری ایک ٹیکنالوجی کانفرنس کے دوران فون کیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے جینسن ہوانگ سے فون پر بات کرتے ہوئے مصنوعی ذہانت سے متعلق بڑھتے ہوئے خدشات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں ہوس یعنی جھوٹا پروپیگنڈا قرار دیا۔ انہوں نے اے آئی کی ترقی میں سست رفتاری کی مخالفت کرتے ہوئے خبردار کیا کہ ضرورت سے زیادہ پابندیوں کی وجہ سے امریکا اس ٹیکنالوجی کی عالمی دوڑ میں چین سے پیچھے رہ سکتا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ اے آئی کی تیز رفتار ترقی کی مخالفت دراصل ان لوگوں کے مفاد میں کام کر رہی ہے جو (بقیہ نمبر21 صفحہ 6 پر)

فرانس کے ساتھ تعلقات مستحکم ترقی کی رفتار برقرار رکھے ہوئے ہیں، چین

دونوں ممالک کے سربراہان کی تزویراتی رہنمائی میں چین، فرانس تعلقات مجموعی طور پر مستحکم ترقی کی رفتار برقرار رکھے ہوئے ہیں

بیجنگ (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے فرانس کے وزیر خارجہ ژاں نوئل بارو کی درخواست پر ان سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ منگل کے روز وانگ ای نے کہا کہ دونوں ممالک کے سربراہان کی تزویراتی رہنمائی میں چین، فرانس تعلقات مجموعی طور پر مستحکم ترقی کی رفتار برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک چین کا اصول چین۔ فرانس جامع تزویراتی شراکت داری کی سیاسی بنیاد ہے۔ چین کو امید ہے کہ فرانس عملی اقدامات کے ذریعے ایک چین کے اصول کی پاسداری کرے گا، تائیوان کے ساتھ کسی بھی قسم کے سرکاری روابط قائم نہیں کرے گا اور "تائیوان کی علیحدگی" کی حامی قوتوں کو کوئی غلط اشارہ نہیں دے گا۔ وانگ ای نے کہا کہ چین اور یورپی (بقیہ نمبر15 صفحہ 6 پر)

امیگریشن پالیسی پر ٹرمپ انتظامیہ کو 1 ہی روز 2 قانونی جھٹکے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کو امیگریشن پالیسی کے حوالے سے 2 بڑے قانونی دھچکے لگے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی امیگریشن پالیسی کو ایک ہی روز 2 اہم قانونی محاذوں پر مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ پہلا یہ کہ وفاقی عدالت نے غیر ملکی طلبہ اور صحافیوں کے ویزوں کی مدت محدود کرنے کی حکومتی تجویز روک دی ہے، دوسرا یہ کہ 22 (بقیہ نمبر14 صفحہ 6 پر)

مصنوعی ذہانت کے ممکنہ تباہ کن خطرات روکنے کیلئے سخت ضابطے ضروری ہیں، اقوام متحدہ

زیادہ طاقتور اے آئی کی دوڑ ہماری زندگی کے ہر شعبے کیلئے ممکنہ تباہ کن خطرات میں نمایاں اضافے کا باعث بن رہی ہے، وولکر ترک

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق وولکر ترک نے خبردار کیا ہے کہ جدید مصنوعی ذہانت (اے آئی) تیار کرنے والی کمپنیوں کی رضاکارانہ خودنگرانی موجودہ نقصانات سے نمٹنے اور ایسے خودکار اے آئی ماڈلز کو انسانی حفاظتی نظام سے بچ نکلنے سے روکنے کیلئے ناکافی ہے۔ انہوں نے ایک خط میں کہا کہ زیادہ طاقتور اے آئی کی دوڑ ہماری زندگی کے ہر شعبے کیلئے ممکنہ تباہ کن خطرات میں نمایاں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ وولکر ترک نے فرنٹیئر اے آئی کمپنیوں کی میزبانی کرنے والے ممالک پر زور دیا کہ وہ ان کمپنیوں کے کام کے حوالہ سے ضوابط مزید سخت کریں، جن میں کمپنیوں کیلئے سنگین واقعات کی رپورٹنگ، اے آئی کی صلاحیتوں کی تصدیق اور انسانی حقوق سے متعلق احتیاطی جائزہ لازمی قرار دینا شامل ہے۔ انہوں نے رکن ممالک سے بھی مطالبہ کیا کہ اے آئی کے عالمی نظم و نسق کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کرنے اور انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے کثیر الجہتی اداروں کے ذریعے مل کر کام کریں۔ اقوام متحدہ (بقیہ نمبر18 صفحہ 6 پر)

عالمی تجزیہ کار کا مشرقِ وسطیٰ میں طاقت کا توازن بدلنے کا دعویٰ

حوثیوں کے زیرِ اثر آنے سے آبنائے باب المندب بھی خطرے میں ہے، زکارا

ریاض (این این آئی) محقق، جارج ٹاؤن یونیورسٹی قطر کے پروفیسر، مشرق وسطیٰ کے تجزیہ کار لوسیانو زکارا نے اپنے ایک مضمون میں کہا ہے کہ خطے میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ہونے والے واقعات نے طاقت کے توازن میں تبدیلی کے آثار پیدا کر دیے ہیں۔ عرب میڈیا پر شائع ہونے والے اپنے مضمون میں لوسیانو زکارا نے دعویٰ کیا کہ یمن کے حوثی باغیوں نے مغربی ساحل کے اہم علاقوں پر قبضہ کر لیا ہے جس کے بعد یہ دیکھنا باقی ہے کہ سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز حوثیوں کو پسپا کرنے میں کامیاب ہوتی ہیں یا نہیں۔ زکارا کے مطابق حوثیوں کے زیرِ اثر آنے سے آبنائے باب المندب بھی خطرے میں ہے جبکہ ایران کے حملوں کے باعث آبنائے (بقیہ نمبر20 صفحہ 6 پر)

امریکی حکومتی نگران ادارے کی ہتھیاروں کے ذخائر متاثر ہونے کی تصدیق

حملوں میں درجنوں امریکی طیاروں اور ڈرونز کو بھی نقصان پہنچا یا وہ تباہ ہو گئے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکومتی نگران ادارے کی جاری ہونے والی رپورٹ میں باضابطہ طور پر تصدیق کی گئی ہے کہ ایران کے ساتھ کئی ماہ کی براہِ راست جنگ کے بعد امریکی فوج کو اسٹریٹجک ہتھیاروں کے ذخائر میں کمی اور جدید ہتھیاروں کی فراہمی میں شدید رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ امریکی محکمہ دفاع، محکمہ خارجہ اور ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی کے انسپکٹر جنرلز کی جانب سے مشترکہ طور پر تیار کی گئی رپورٹ میں پہلی بار امریکی حکومت کی جانب سے اہم گولہ بارود کے ذخائر میں کمی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی تنصیبات کو پہنچنے والے بڑے پیمانے پر نقصانات کی تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔ رپورٹ میں شامل ماہرین کے اندازوں کے مطابق دفاعی ساز و سامان تیار کرنے (بقیہ نمبر16 صفحہ 6 پر)

ایران نے آبنائے ہرمز میں 24 گھنٹوں میں دوسرا MQ-1 ڈرون مار گرایا

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کے مشرقی فضائی علاقے میں ایک اور امریکی ساختہ ایم کیو 1- ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ نیم سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ منگل کی صبح سے یہ اس نوعیت کا دوسرا واقعہ ہے۔ ایرانی دعوے کے مطابق حالیہ دنوں (بقیہ نمبر17 صفحہ 6 پر)

لیتھوانیا کی فضائی حدود میں داخل ہونے والا ڈرون تباہ کر دیا گیا

ولنیئس (این این آئی) لیتھوانیا کے دارالحکومت ولنیئس اور گرد و نواح میں منگل کو نصف شب کے کچھ دیر بعد فضائی خطرے کا الرٹ جاری کیا گیا، جب ایک ڈرون ملک کی فضائی حدود میں داخل ہو گیا۔ لیتھوانیا کے نیشنل کرائسز مینجمنٹ سینٹر کے مطابق خطرے کے پیش نظر نیٹو کے لڑاکا طیاروں کو فوری طور پر روانہ کیا گیا۔ ابتدائی الرٹ کے تقریباً 30 منٹ بعد حکام (بقیہ نمبر19 صفحہ 6 پر)

وفاقی وزیر اورنگزیب خان، صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی، ڈاکٹر روبینہ مشتاق و دیگر مقررین محکمہ داخلہ کے زیر اہتمام (نقوشِ وطن) کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
جمعرات 17 ستمبر 2026ء

کوئٹہ کے شہریوں کے مسائل کا حل

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل بڑھتے ہوئے ، اسٹریٹ جرائم ، بنیادی سہولتوں کی عدم فراہمی سمیت شہریوں کی دیگر مشکلات کا ازالہ ناگزیر ہے ، کوئٹہ تیزی سے پھیلتا ہوا شہر ہے ، شہری آبادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ ٹریفک ، صفائی ، صحت ، تعلیم پانی نکاسی آب اور اسٹریٹ کرائمز کے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں ، ان مسائل سے نمٹنے کے لئے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان ، فعال رابطہ ضروری ہے ، عوامی خدمت کا اصل معیار یہ ہے کہ تمام شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کے لئے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ، حکومت انتظامیہ پولیس اور عوامی نمائندوں کو باہمی تعاون سے شہریوں کو بہتر ماحول اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی ، کوئٹہ شہر کا سب سے بڑا مسئلہ فراہمی آب ہے ، واسا شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے ، لوگ ٹینکرز مافیا سے اڑھائی سے تین ہزار روپے میں ٹینکر خرید کر گزارہ کرنے پر مجبور ہیں ۔ ہم گورنر بلوچستان اور صوبائی دارالحکومت سے منتخب ہونے والے قومی و صوبائی ارکان اسمبلی سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ کوئٹہ کے شہریوں کے مسائل خصوصی طور پر آبنوشی کے مسئلہ کے حل کے لئے اپنے فنڈز خرچ کریں ، تا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ۔

بجلی کی لوڈ شیڈنگ

کوئٹہ شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری ہے ، روزانہ 6 سے 8 گھنٹے تک بجلی بند رہنے سے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ۔ ہم کیسکو حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ کم کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں ۔

غریب کا چولہا اور تیل کی قیمت

تحریر ۔ حامد ولید

صبح کے چار بجے جب ابھی پرندوں نے بھی اپنے گھونسلوں میں پر نہیں پھیلائے ہوتے ، شہر کی کسی تنگ گلی سے موٹر سائیکلوں کا شور اور کک مارنے کی آوازیں آنے لگتی ہیں ۔ یہ وہی آواز ہے جو پاکستان کے ہر چھوٹے بڑے شہر کا جگانے والا الارم بن چکی ہے ۔ یہ موٹر سائیکل کوئی شائقینِ سفر کی سواری نہیں ، بلکہ پیٹ کی دوزخ بھرنے نکلنے والے ایک عام پاکستانی کے رزق کا واحد وسیلہ ہے ۔ مگر اب اس موٹر سائیکل کے ہینڈل پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے ہاتھ کانپتے ہیں ، کیونکہ ٹینک میں موجود پیٹرول کا ہر ایک قطرہ محض سفر کی پیمائش نہیں کرتا ، بلکہ گھر کی روٹی اور بچوں کے مستقبل کی گنتی بھی کرتا ہے ۔

ہمارے ملک میں جب بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان رات کے اندھیرے میں ہوتا ہے ، تو وہ محض معاشی اعداد و شمار یا آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کا جاری کردہ کوئی روایتی نوٹیفکیشن نہیں ہوتا ۔ وہ نوٹیفکیشن ایک ایسا زلزلہ ہوتا ہے جس کے جھٹکے غریب کے کچے مکان کی بنیادوں سے لے کر درمیانے طبقے کی نازک سانسوں تک محسوس کیے جاتے ہیں ۔ تیل کی قیمتوں میں چند روپے کا اضافہ ایک دم پورے پاکستان کے ہر چولہے کی آگ مدھم کر دیتا ہے ۔

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں تیل صرف گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو نہیں چلاتا ، بلکہ یہ اس پورے ۔ معاشی و سماجی نظام کی شریانوں میں خون بن کر دوڑتا ہے ۔ جیسے ہی عالمی منڈی کا بہانا بنا کر یا ملکی معیشت کی بدحالی کی آڑ لے کر تیل کا نرخ بڑھایا جاتا ہے ، زندگی کے پہیے کو زنگ لگنے لگتا ہے ۔ سب سے پہلا حملہ اس غریب دہاڑی دار مزدور ، رکشہ ڈرائیور اور بائیک رائیڈر پر ہوتا ہے جس کی روز کی کمائی اسی پیٹرول پر منحصر ہے ۔ وہ شخص جو دن بھر گرمی ، دھول اور دھوئیں میں خوار ہو کر دو ہزار روپے کماتا تھا ، اس کا آدھا حصہ صرف پیٹرول کی بائٹل میں چلا جاتا ہے ۔ شام کو جب وہ اپنے تھکے ماندے قدموں سے گھر لوٹتا ہے ، تو اس کے پلاسٹک کے شاپر میں روٹیوں اور سبزی کا وزن پہلے سے کہیں کم ہوتا ہے ۔ بچوں کے بستر پر لیٹتے ہی ان کے سوالوں کا جواب دینے کے لیے اس کے پاس اب تھکاوٹ کے سوا کچھ نہیں بچتا ۔

تیل کی قیمتوں کا اصل المیہ یہ ہے کہ اس کا اثر کبھی صرف پیٹرول پمپ تک محدود نہیں رہتا ۔ یہ ایک ایسا سلسلہ وار عمل ہے جو لمحوں میں معیشت کی ہر نس میں زہر گھول دیتا ہے ۔ ہمارے سماج میں درمیانہ طبقہ ہمیشہ سے ایک خوددار اور باوقار طبقہ رہا ہے ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو نہ تو زکواۃ کی لائن میں کھڑے ہو سکتے ہیں اور نہ ہی کسی کے سامنے ہاتھ پھیلا سکتے ہیں ۔ لیکن تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے اس طبقے کی کمر اس طرح توڑی ہے کہ ان کی سفید پوشی تار تار ہو چکی ہے ۔ ایک کلرک ، ایک اسکول ٹیچر یا ایک چھوٹی کمپنی کا ملازم اپنی محدود آمدنی میں کیسے گزارا کرے؟ گاڑی یا موٹر سائیکل کا استعمال اب اس کے لیے عیاشی بن چکا ہے ۔ دفاتر جانے والے اب بسوں اور ویگنوں کے ڈنڈوں سے لٹک کر سفر کرنے پر مجبور ہیں ، جہاں عزتِ نفس ہر موڑ پر پامال ہوتی ہے ۔ لیکن دل دہلا دینے والی بات یہ ہے کہ اب کرائے اتنے بڑھ چکے ہیں کہ عوامی سواری بھی غریب کے لیے نایاب خواب بنتی جا رہی ہے ۔

تیل کی اس گرانی کا سب سے دردناک پہلو وہ خاموش قربانیاں ہیں جو گھروں کی بند دیواروں کے پیچھے دی جا رہی ہیں ۔ والدین اپنے بچوں کے اسکول چھڑوا رہے ہیں کیونکہ وین کا کرایہ اب ان کی ماہانہ آمدنی سے زیادہ ہو چکا ہے ۔ علاج معالجے کو ٹالا جا رہا ہے؛ باپ اپنی بیماری کی دوا صرف اس لیے نہیں خریدتا کہ بیٹے کے اسکول کی فیس جمع ہو سکے ۔ ماؤں نے اپنی خواہشات کا گلا گھونٹ کر باورچی خانے کے اخراجات میں سے وہ آخری قطرہ بھی نچوڑ لیا ہے جو گھر کی عزت بچا سکتا تھا ۔ عید اور تہوار جو کبھی خوشیوں کا پیامبر ہوتے تھے ، اب خوف اور پریشانی کے سایہ بن کر آتے ہیں کیونکہ مہنگائی کی اس آگ میں خوشیاں منانے کا تصور ہی دم توڑ چکا ہے ۔

کسان ، جو اس ملک کا انوکھا اور سب سے مظلوم معمار ہے ، ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے سب سے زیادہ متاثر ہوتا ہے ۔ ٹیوب ویل چلانے کے لیے ڈیزل چاہیے ، ٹریکٹر سے زمین ہلانے کے لیے ڈیزل چاہیے ، اور پھر فصل کو منڈی تک پہنچانے کے لیے ڈیزل چاہیے ۔ جب کسان کی لاگتِ پیداوار اس کی حاصل کردہ قیمت سے تجاوز کر جاتی ہے ، تو وہ خون کے آنسو روتا ہے ۔

اب صورتحال یہ ہے کہ غریب کا سارا مہینہ اس خوف میں گزرتا ہے کہ اس بار بجلی کا بل کتنا آئے گا ۔ پنکھا چلاتے وقت اب ہوا کا احساس کم اور جیب کے خالی ہونے کا ڈر زیادہ ہوتا ہے ۔

حکمران اور پالیسی ساز اکثر ایئر کنڈیشنڈ کمروں میں بیٹھ کر پریس کانفرنس کرتے ہیں اور اعداد و شمار کا گورکھ دھندا پیش کرتے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ "بین الاقوامی منڈی میں قیمتیں بڑھ گئی ہیں ، اس لیے ہماری مجبوری ہے ۔" لیکن وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ ان اعداد و شمار کے پیچھے زندہ انسان بستے ہیں ۔ آج ہر شخص کے چہرے پر ایک جانی پہچانی تھکن ، ایک ان دیکھا خوف اور اک بے بسی تحریر ہے ۔ وقت کا تقاضا ہے کہ غریب پر رحم کیا جائے ، قبل اس کے کہ اس کا زندہ رہنے کا حوصلہ بالکل ہی جواب دے جائے ۔

☆☆☆☆

"ایک مرگ ناگہانی اور ہے"

تحریر ۔ نصرت جاوید

[illegible]

نئے صوبے یا بہتر حکمرانی: پاکستان کو کیا چاہیے؟

تحریر ۔ ٹی ایم اعوان

[illegible]

جنگ کہیں بھی ہو، قیمت ہم بھی دیتے ہیں (قسط اول)

تحریر ۔ محمد اکرم چوہدری

[illegible]

ترقیاتی ترجیحات اور پاک برطانیہ تعاون کی نئی جہتیں

تحریر ۔ محمود خان

[illegible]

سوشل میڈیا اور نئے انسان کی تشکیل

تحریر ۔ شفقت اللہ مشتاق

[illegible]

اکادمی ادبیات کے نئے چیئرمین کی تلاش

تحریر ۔ نسیم شاہد

[illegible]

پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

کیو ڈی اے نے ڈیوپلک پارکس کی شناخت، سابقہ بولی اور کار منیٹری کی نیلامی مکمل کرلی

[illegible]

اوستہ محمد سول ہسپتال سے اغوا ہونے والا نومولود بچہ چند گھنٹوں میں بازیاب

[illegible]

ڈی جی فشریز بلوچستان کا گوادر فشریز آفس کا دورہ، لائسنس و اکاؤنٹس برانچ کا تفصیلی معائنہ

[illegible]

چڑیاں، طوطے اور بجلی

تحریر: شاہد ملک

[illegible]

کوئٹہ: صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی سے ... مصافحہ کر رہے ہیں

کوہلو میں غیر قانونی اڈوں کی بھرمار، شہری ٹریفک مسائل سے پریشان

[illegible]

اہم شاہراہوں پر گاڑیوں کی بے ہنگم پارکنگ اور غیر قانونی اڈوں کے قیام سے آئے روز ٹریفک جام ... شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی اڈوں کے خلاف کارروائی کی جائے، ٹریفک کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور نیو بس اسٹینڈ کو فوری طور پر فعال کر کے عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

رکھنی میں بیکریوں اور ہوٹلز کے اچانک معائنے، زائد المیعاد اشیاء پر جرمانے

[illegible]

سوراب میں غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن، 10 پٹرول پمپس سیل

[illegible] ... کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے متعلق قانونی ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔

پارٹی عوام کے حق حکمرانی، آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی مضبوطی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، سردار عمر گورگیج

ناراض پارٹی کارکنوں سے ملاقات کر کے انہیں واپس پارٹی میں لائیں گے، سردار باز محمد خان کھیتران، خیر محمد ترین و دیگر

پیپلز پارٹی غریب اور متوسط طبقے کی جماعت ہے اور پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج، مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و سابق وفاقی وزیر سردار باز محمد خان کھیتران، کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین، لورالائی ڈویژن کے صدر رحمت اللہ کدیزئی، سردار سرور سلیمانخیل، احسان افغان نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے حق حکمرانی، آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کی مضبوطی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ناراض پارٹی کارکنوں سے ملاقات کر کے انہیں واپس پارٹی میں لائیں گے، کارکن آپس کے اختلافات سے بالاتر ہو کر بلاول بھٹو زرداری کے پیغام کو عوام تک پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے سابق وفاقی وزیر سردار باز محمد خان کھیتران کی جانب سے دیئے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ عشائیے میں سید سعد اللہ، ثناء اللہ جتک، میر نصیب اللہ شاہوانی، اختر بلوچ، امتیاز جتک، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، سپورٹس اینڈ کلچر ونگ کے صدر شہزادہ کاکڑ، سردار سرور سلیمانخیل، الطاف گجر، سید ایوب آغا، نعمت لالہ، ایم ظاہر موسیٰ خیل، عبدالغفور جعفر، جہانگیر بلوچ، اشفاق بلوچ، ایم ظاہر موسیٰ خیل، انجینئر احسان اللہ، عبدالنبی، مٹھا خان عمرانی، عصمت اللہ سمیت پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدور، جنرل سیکرٹری اور صوبائی ایگزیکٹو کے ممبران نے شرکت کی۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب اور متوسط طبقے کی جماعت ہے اور پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے دن رات کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے اور پارٹی کے جو ساتھی ناراض ہو کر گھروں میں بیٹھے ہیں انکے پاس جا کر انہیں منائیں گے اور پارٹی میں دوبارہ فعال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام میں جمہوری شعور اجاگر کیا اور ملک کو متفقہ آئین 1973 کا تحفہ دیا اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے آمریت کے خلاف بہادری سے جدوجہد کرتے ہوئے عوامی حاکمیت کا پرچم بلند رکھا شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کے مشن کو آج چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری، آصفہ بھٹو اور فریال تالپور آگے لیکر بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں اختلافات جمہوریت کا حسن ہے سیاسی اختلافات کو مل بیٹھ کر حل کیا جائے گا پارٹی کے جو ساتھی ناراض ہو کر گھروں میں بیٹھیں ہیں انکے منا کر واپس پارٹی میں فعال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، شریک چیئرمین آصف علی زرداری، آصفہ بھٹو اور فریال تالپور کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں اور عوام سے قریبی رابطہ رکھیں۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سیکرٹریز سی ایم آئی ٹی، پروسیکیوشن، ویمن ڈویلپمنٹ اور آئی پی سی کے حوالے سے دوسالہ کارکردگی رپورٹ پیش کر رہے ہیں

ہاکی چوک سے اکرم ہسپتال تک زرغون روڈ کی تعمیر کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کیا جائے، کمشنر کوئٹہ

ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، فنڈز کی فراہمی اور دیگر امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اہم منصوبہ ہے، تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، فنڈز کی فراہمی اور دیگر امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی محمد عابد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، فنڈز کی فراہمی، درپیش رکاوٹوں اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کمشنر ذیشان لاشاری نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج ایک اہم ترقیاتی منصوبہ ہے، جس کی تکمیل سے شہر میں ٹریفک کے مسائل پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی اور کوئٹہ کو ایک جدید اور بہتر شہر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی کو ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری اور نئے تمام ترقیاتی منصوبوں کی گوگل میپ کے ذریعے واضح نشاندہی پیش کی جائے تاکہ ہر منصوبے کی موجودہ صورتحال، محل وقوع اور کام کی پیشرفت کا موثر انداز میں جائزہ لیا جا سکے۔ کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے خصوصی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ہاکی چوک سے اکرم ہسپتال تک زرغون روڈ کی تعمیر کا کام ایک ماہ کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ منصوبے کا بروقت افتتاح ممکن بنایا جا سکے، جبکہ سریاب سروس روڈ کا کام بھی دو ماہ کے اندر مکمل کیا جائے۔ سریاب روڈ سے متعلق مساجد کے حوالے سے درپیش مسئلے پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کو ہدایت کی کہ متعلقہ افراد سے رابطہ کر کے مسئلے کا قابل عمل اور قابل قبول حل تلاش کیا جائے تاکہ ترقیاتی کام میں مزید تاخیر نہ ہو۔ اجلاس میں اسپنی سنزل انڈر پاس کی تعمیر کے حوالے سے بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کو ہدایت کی کہ منصوبے کے حوالے سے اب تک اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا جائے اور پیش رفت سے متعلق رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے تمام ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز کو بھی ضروری ہدایات جاری کرنے کی ہدایت کی تاکہ منصوبوں کے معیار، رفتار اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت نئی اسکیموں کے حوالے سے بھی کمشنر کو بریفنگ دی گئی۔ نئی اسکیموں میں ایئرپورٹ روڈ فلائی اوور، سریاب روڈ فلائی اوور، ایئرپورٹ روڈ پیڈ لاسٹک برج کی تعمیر، ایئرپورٹ روڈ پر انڈر گراؤنڈ کیبلز کی تنصیب اور اے جی آفس کے لیے پارکنگ پلازہ کی تعمیر سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں۔

سیاسی مداخلت کی وجہ سے روزگار دینے کے بعد واپس نہ چھینا جائے

بلوچستان میں روزگار کا بحران نوجوانوں کا وزیراعلیٰ سے فوری نوٹس کا عوامی مطالبہ

ماجھی پور (آن لائن) بلوچستان میں روزگار کا بحران نوجوانوں کا وزیراعلیٰ سے فوری نوٹس کا عوامی مطالبہ۔ بلوچستان میں پہلے ہی سالہا سال سے نوکریاں نایاب ہیں، اور اگر بالفرض کسی محکمے میں بھرتیاں آتی بھی ہیں تو کبھی کورٹ کا اسٹے آرڈرز اور کبھی دیگر تکنیکی بہانوں کی بنیاد پر پورا عمل ہی منسوخ کر دیا جاتا ہے۔ حالیہ دنوں میں محکمہ جنگلات کے آرڈر جاری کیے گئے تھے، لیکن پوری بلوچستان سطح پر انہیں منسوخ کر دیا گیا۔ اس فیصلے نے سینکڑوں بے روزگار نوجوانوں کو شدید مایوسی اور مالی نقصان میں مبتلا کر دیا ہے۔ نوجوانوں نے انٹرویوز، دستاویزات کی تصدیق اور سفر پر بھاری رقم خرچ کی جو کہ بالکل ضائع ہو گئی۔ اگر چند مخصوص اضلاع یا علاقوں میں کوئی شفافیت کا مسئلہ تھا، تو صرف وہیں کے آرڈرز روکے جاتے؛ پورے صوبے کے نوجوانوں کو سزا دینا سراسر ناانصافی ہے۔ اس طرح تو آئندہ ہر علاقے کا ایم پی اے اپنے پسندیدہ افراد کو ملازمت نہ ملنے پر پوری بھرتی منسوخ کروانے کی روایت ڈالے گا۔ شفاف اضلاع کے آرڈرز بحال کیے جائیں: جن اضلاع میں بھرتی کا عمل بغیر کسی تنازع کے مکمل ہوا ہے، ان کے آرڈرز فوری بحال کیے جائیں۔ صرف متنازع علاقوں کی حد تک انکوائری کی جائے اور حق دار نوجوانوں کا حق نہ مارا جائے۔ حکومت ایک واضح اور مستحکم لائحہ عمل بنائے تاکہ سیاسی مداخلت کی وجہ سے روزگار دینے کے بعد واپس نہ چھینا جائے۔

یونیورسٹی آف گوادر میں داخلوں کی آخری تاریخ 30 ستمبر تک بڑھا دی گئی

گوادر (آن لائن) یونیورسٹی آف گوادر نے فال 2026 کے داخلوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اسے 30 ستمبر 2026 تک بڑھا دیا ہے۔ یونیورسٹی میں اے ڈی، بی ایس، بی ایڈ، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگراموں میں داخلے جاری ہیں، جن میں 4 سالہ بی ایس کمپیوٹر سائنس، بی ایس کمپیوٹر سائنس (AI)، بی بی اے، اکنامکس، ایجوکیشن، کامرس، کیمسٹری، زوالوجی، انگلش، پوسٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز، ایم ایس مینجمنٹ سائنسز، ایم ایس کیمسٹری اور پی ایچ ڈی مینجمنٹ سائنسز شامل ہیں۔ امیدوار آن لائن درخواست ug.edu.pk کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں، جبکہ داخلہ فارم downloads / ug.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ داخلہ معلومات و رہنمائی: +32192 | +4210422869 8087931- admissions@ug.edu.pk یونیورسٹی آف گوادر نے اہل امیدواروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ 30 ستمبر 2026 کی آخری تاریخ سے قبل اپنی درخواستیں جمع کرائیں۔

کچھی، نامعلوم مسلح ڈاکو مسافروں سے لاکھوں روپے، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی، چھتر اور صحبت پور میں نامعلوم مسلح ڈاکو 11 لاکھ روپے، دو موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی، بھاگ، بختیار آباد روڈ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار متعدد مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق کچھی بھاگ ناڑی بختیار آباد روڈ شرکل اور شہنشاہ کے مقامات پر ڈاکوؤں نے جیکب آباد جانے والی دو مسافر ویگنوں سمیت متعدد چھوٹی بڑی گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی چھتر صحبت پور ڈیرہ اللہ یار اور لانڈھی میں ڈکیتی رہزنی کی وارداتیں گیارہ لاکھ روپے نقدی دو موٹر سائیکل، آٹھ موبائل فون، چھ بوریاں گندم، چار بوریاں چنا اور درجنوں واٹر کولر و دیگر سامان لوٹ لیا گیا ڈاکوؤں کا کار پر فائرنگ ڈرائیور شدید زخمی ہسپتال منتقل ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی انڈسٹریز ایریا میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر محمد اقبال بھٹی سے موٹر سائیکل نقدی موبائل چھین کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ چھتر کی حدود چھتر روڈ اچانک ہوٹل کے مقام پر مسلح ڈاکو اسلحے کے زور پر علی نواز چاچڑ سے موٹر سائیکل موبائل فون نقدی چھین کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ لانڈھی شریف کی حدود نوتال گنداواہ روڈ پر ڈاکوؤں کی لوٹنے کی کوشش کار نہ رکنے پر فائرنگ سے کار ڈرائیور زخمی ہو گیا ملزمان فرار ہو گئے زخمی کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گنڈو لاڑو کے مقام پر بیکری سیل انچارج سرفراز رند سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر گیارہ لاکھ روپے نقدی و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے ڈیرہ اللہ یار کے قریب زیرو پوائنٹ کے مقام پر گزشتہ شب ناچور فقیر محمد ابڑو کے دکان کے تالے توڑ کر چھ گندم بوریاں چار چنے کی بوریاں اور درجنوں واٹر کولر چوری کر کے فرار ہو گئے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین بلوچستان انٹرنیشنل تھینک ٹینک اویس جدون ملاقات کر رہے ہیں

PILDAT وفد کا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ آفس کا دورہ، عوامی خدمات کا جائزہ

عوامی مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (PILDAT) کے ایک وفد نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں شہری سہولیات، صحت، تعلیم، پانی و نکاسی آب اور دیگر عوامی خدمات سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ نے کی۔ اجلاس میں PILDAT کے نمائندے فہیم احمد سمیت ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، واسا، پی ایچ ای، محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، بیورو آف اسٹیٹسٹکس، اسٹریٹ آرگنائزیشن، AID بلوچستان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کی جانب سے اپنے اپنے شعبہ جات میں جاری اقدامات، عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری، صاف پانی کی دستیابی، نکاسی آب کے نظام، اعداد و شمار کے موثر استعمال اور عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہری مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور موثر حکمت عملی کے ذریعے عوامی مسائل کے حل اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنائیں۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو مزید موثر بنانے اور عوامی مفاد کے منصوبوں و اقدامات کی نگرانی کے حوالے سے بھی تجاویز پیش کی گئیں۔ PILDAT کے وفد نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اور تعاون کو سراہا۔

چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ فیصلہ ساز کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں، اسرار بنگلزئی

کوئٹہ (آن لائن) اسرار بنگلزئی اور رفیق جتک نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ گلاب خان خلجی باصلاحیت متحرک ذمہ دار اور اچھے فیصلہ ساز کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں موصوف کی قیادت میں نصابی کتب کے معیار طلبا کی تعلیمی ضروریات ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کاوشیں قابل تحسین ہے ڈاکٹر گلاب خان خلجی کی قائدانہ صلاحیتیں اور مثبت سوچ بلوچستان کے طلبا کے روشن مستقبل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

رکنی میں کونج، بٹیر اور دیگر جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف پولیس اور محکمہ جنگلات کی مشترکہ کارروائی

رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر رکنی میں کونج، بٹیر اور دیگر جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف پولیس اور محکمہ جنگلات نے مشترکہ کارروائی کی۔ ایس ڈی پی او رکنی عبدالجبار مینگل کی قیادت میں پولیس ٹیم نے ڈی ایف او زبیر احمد اور محکمہ جنگلات کے عملے کے ہمراہ رکنی کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی شکار کے لیے نصب درجنوں جال اکھاڑ دیے۔ کارروائی کے دوران شکار میں استعمال ہونے والے جال اور دیگر آلات قبضے میں لے کر تلف کر دیے گئے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او عبدالجبار مینگل نے کہا کہ جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کونج، بٹیر سمیت دیگر جنگلی پرندوں کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس حوالے سے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

حکومت منافع بخش پی ایم ڈی سی کو نجکاری لسٹ سے نکالے: سعید اللہ کاکڑ

بلوچستان مائنز سیکرٹریٹ پی ایم ڈی سی کو کمزور کر کے ٹھیکیداروں کے حوالے کرنے کی کوششیں کر رہا ہے: محمد نعیم

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ ورکرز یونینز (سی بی اے) سورنج، ڈیگاری، شاہرگ نے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کو منافع بخش ادارہ اور قومی اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، اربوں روپے قومی خزانے میں جمع کرانے والے ادارے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کو نجکاری کی فہرست سے فوری طور پر نکالا جائے، رائلٹی کی بنیاد پر دی گئی مائنز کی لیز کا ازسر نو جائزہ لیکر انہیں فوری طور پر منسوخ کیا جائے، پی ایم ڈی سی جیسے منافع بخش ادارے کے خلاف جاری سازشوں اور ادارے کو کمزور کرنے کی کوششوں کا فوری سدباب کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں، پی ایم ڈی سی کو جدید خطوط پر استوار کر کے مضبوط بنایا جائے، تاکہ مقامی افراد کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہو سکیں۔ پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین (سی بی اے) سورنج کے صدر سعید اللہ کاکڑ، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ اسٹاف یونین شاہرگ کے صدر محمد نعیم، پی ایم ڈی سی ورکرز یونین ڈیگاری کے صدر سفر محمد مری، آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد کے آفس سیکرٹری آصف شاہ سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں نے گزشتہ دنوں سورنج کے کول مائننگ علاقے میں علی بھائی کول کمپنی میں پیش آنے والے المناک حادثے جس میں 34 کان کن جاں بحق ہوئے تھے کی انکوائری کمیٹی کی رپورٹ اور بیان کو مسترد کرتے ہوئے مشترکہ طور پر کہا ہے کہ بلوچستان مائنز سیکرٹریٹ کی جانب سے ایک عرصے سے پی ایم ڈی سی جیسے منافع بخش قومی ادارے کو کمزور کر کے اسے ٹھیکیداروں کے حوالے کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں، علی بھائی مائن حادثے کے حوالے سے ہونے والی انکوائری میں پی ایم ڈی سی کو بلا جواز اور غیر ضروری طور پر شامل کیا جا رہا ہے جو ادارے کو بدنام کر کے نجکاری کا عمل شروع کرانے کی ایک سازش ہے جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ آل پاکستان پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ہیڈ آفس اسلام آباد، پی ایم ڈی سی ایمپلائز اینڈ ورکرز یونینز (سی بی اے) سورنج، ڈیگاری، شاہرگ کے عہدیداروں نے کہا کہ اس وقت پی ایم ڈی سی شاہرگ میں سینکڑوں ٹھیکیدار کام کر رہے ہیں، کمپنی کی جانب سے بعض لیزیں منسوخ کیے جانے پر ٹھیکیداروں نے عدالتوں سے رجوع کیا، جبکہ دوسری جانب کمپنی اپنی الاٹ کردہ لیز انہی ٹھیکیداروں سے رائلٹی کی بنیاد پر واپس لیتی ہے تو بعض ٹھیکیدار لیزیں واپس کرنے سے انکار کرتے ہوئے قبائلی تنازعات کو جنم دیتے ہیں، جس سے قومی ادارے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ یونینز رہنماؤں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی جانب سے لیز پر الاٹ کردہ مائنز میں حادثات رونما ہوتے ہیں تو ان کی ذمہ دار پی ایم ڈی سی نہیں بلکہ متعلقہ ٹھیکیدار ہے جو کانکنوں کی صحت و سلامتی کے حوالے سے اقدامات نہیں کرتا۔

زمینداروں کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچا کر ممکنہ معاونت فراہم کریں گے، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی کسان دوست اور زراعت کے فروغ پر مبنی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور مقامی زمینداروں کی معاونت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ نے کہا ہے کہ زمینداروں کو جدید زرعی طریقوں، ضروری زرعی سہولیات اور رہنمائی کی فراہمی محکمہ زراعت کی ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی گوادر کے نمائندہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ خداداد کی سربراہی میں وفد نے ضلع گوادر بالخصوص کلانچ کے زمینداروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور کھاد، زرعی ادویات، ٹریکٹر آورز، سولر سسٹم، بور اور آبپاشی نالیوں سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کی درخواست کی ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے کہا کہ زمینداروں کی تجاویز اور مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچایا جائے گا۔

پولیو مہم میں غفلت برداشت نہیں ہوگی، صلاح الدین

انکاری والدین کی رہنمائی اور رہ جانے والے بچوں کی کوریج کو یقینی بنایا جائے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، ڈویژن بھر کی 126 یونین کونسلز میں 4 لاکھ 13 ہزار 788 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کا راز جامع اور موثر مائیکرو پلان میں پوشیدہ ہے، اس لیے مائیکرو پلان کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اقدامات یقینی بنائے جائیں، تمام ڈپٹی کمشنرز اپنی نگرانی میں انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کریں اور فیلڈ میں ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج اور سکیورٹی انتظامات کی کڑی نگرانی کی جائے انہوں نے واضح کیا کہ مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت کی جانب سے اس حوالے سے سختی سے تاکید کی گئی ہے جس پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے یہ خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد، ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز جمالی سمیت دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز اور متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، جبکہ ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر یاسر نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی بروقت روانگی فیلڈ میں موجودگی، سکیورٹی کی فراہمی، انکاری والدین کی رہنمائی اور رہ جانے والے بچوں کی فوری طور پر کوریج کو یقینی بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ...

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری انسداد پولیو مہم کے انتظامات اور کارکردگی کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بقیہ 1

جبکہ ریاست جوہر کے پاسر گوڈانگ اور لارکن اضلاع میں بالترتیب 174 اور 169 کی سطح ریکارڈ ہوئی۔ملائیشیا کے فضائی معیار کے پیمانے کے مطابق اے پی آئی صفر سے 50 تک اچھا، 51 سے 100 تک درمیانہ، 101 سے 200 تک غیر صحت بخش، 201 سے 300 تک انتہائی غیر صحت بخش جبکہ 301 یا اس سے زائد خطرناک قرار دیا جاتا ہے۔

بقیہ 2

انگلیاں چاٹتے اور پھر دوبارہ میوے لینے کے لیے ہاتھ بڑھاتے نظر آئے، یہ مناظر تیزی سے سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئے۔صرف رندھیر جیسوال ہی نہیں بلکہ بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول کو بھی برکس سربراہی اجلاس میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی تقریر کے دوران خشک میوے کھاتے دیکھا جا سکتا ہے۔مذکورہ ویڈیوز سامنے آنے کے بعد بھارتی اعلیٰ حکام سوشل میڈیا پر مذاق بن گئے، صارفین انہیں شدید طنز اور تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔

بقیہ 3

دیکھنے والوں کو تفریح فراہم کر دی۔واضح رہے کہ گزشتہ روز انٹرویو میں امریکی پائلٹ نے بتایا تھا کہ پیراشوٹ میں خرابی کی وجہ سے طیارے سے گر کر جسم کی ہڈیاں ٹوٹیں۔انہوں نے مزید کہا کہ شدید زخم آئے اس کے باوجود 7 ہزار فٹ اونچی پہاڑی پر چڑھ کر جان بچائی۔یاد رہے کہ اپریل میں ایران نے امریکی ایف 15 لڑاکا طیارہ اصفہان کے نزدیک مار گرایا تھا۔

بقیہ 4

ممالک کے درمیان اچھے اور عملی تعاون پر مبنی تعلقات برقرار ہیں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سمیت کثیر الجہتی پلیٹ فارمز پر بھی دونوں ممالک کے درمیان اچھا تعاون رہا ہے۔لٹویا چین کے ساتھ رابطے اور تبادلے مزید مضبوط بنانے اور دوطرفہ تعلقات کو مسلسل آگے بڑھانے کا خواہاں ہے۔وانگ ای نے کہا کہ اگرچہ چین اور لٹویا کے درمیان جغرافیائی لحاظ سے طویل فاصلہ ہے، تاہم دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روایتی دوستی گہری ہے۔چین لٹویا کی آزادی کو تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں شامل تھا۔سفارتی تعلقات کے قیام کے بعد سے دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ مساوی سلوک اور باہمی احترام کا مظاہرہ کرتے ہوئے تعلقات کو مستحکم انداز میں آگے بڑھایا ہے۔وانگ ای نے کہا کہ چین کی جانب سے لٹویا کے شہریوں کے لیے یکطرفہ ویزا فری پالیسی کا نفاذ لٹویا پر اعتماد کا اظہار ہے، جس کے باعث دونوں ممالک کے درمیان افرادی روابط مزید بڑھ رہے ہیں اور عملی تعاون کا دائرہ مسلسل وسیع ہو رہا ہے۔چین لٹویا کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کے سفارتی تعلقات کی 35 ویں سالگرہ کو ایک موقع کے طور پر لیتے ہوئے چین۔لٹویا تعلقات کو نئے عہد کی اہمیت دینے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 5

کہا ہے کہ میں مصنوعی ذہانت کے حفاظتی خطرات پر 2014 سے بھی پہلے سے غور کر رہا ہوں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایلون مسک نے بتایا کہ میں نے مصنوعی ذہانت کے ماہر نک بوسٹروم کی کتاب سپر انٹیلیجنس میں بھی تعاون کیا تھا اور کتاب کے دیباچے میں بوسٹروم نے میرا نام بطور معاون درج کیا۔ان کا کہنا تھا کہ میں مصنوعی ذہانت کی حفاظت کے معاملے پر کئی برسوں سے سوچ رہا ہوں جبکہ یہ ٹیکنالوجی تیزی سے دنیا کی طاقت ور ترین ٹیکنالوجیز میں شامل ہوتی جا رہی ہے۔

بقیہ 6

دوسرے کی زیادہ قریبی انداز میں معاونت کرسکتی ہیں اور کرنی چاہیے۔اعلان کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان مستقبل کے اقدامات کے لیے سیاسی فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے، جس میں دفاعی ساز و سامان کی تیاری، لائسنس کے تحت پیداوار اور دیکھ بھال شامل ہے۔اس کا مقصد سپلائی چینز کو مضبوط بنانا، ٹیکنالوجی کی منتقلی سے متعلق ضوابط کو آسان بنانا اور تحقیق و ترقی کے شعبے میں تعاون کو مزید بڑھانا ہے۔پیٹ ہیگسیتھ سے ملاقات سے قبل بورس پسٹوریس نے ایف 35-اسٹیلتھ لڑاکا طیاروں سے متعلق موجودہ دوطرفہ تعاون اور جرمنی میں پیٹریاٹ فضائی دفاعی گائیڈڈ میزائلوں کی مجوزہ تیاری کی جانب بھی اشارہ کیا۔

بقیہ 7

اڈے سے پرواز کی تھی۔تقریباً 11 بج کر 18 منٹ پر جرمن ریاست نارتھ رائن ویسٹ فیلیا کے شہر ایرکلنز کے علاقے گریونبروخ کے قریب طیارے کا ریڈار سے رابطہ منقطع ہو گیا، جس کے کچھ ہی دیر بعد وہ گر کر تباہ ہو گیا۔حکام کے مطابق طیارے میں تینوں ہلاک شدگان ہی سوار تھے۔طیارہ ہالینڈ کے بلو روم فلائٹ اسکول میں رجسٹرڈ تھا۔فلائٹ اسکول کی انتظامیہ نے حادثے کی وجوہات کا تعین ہونے تک تمام پروازیں فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ہالینڈ کے سیفٹی بورڈ کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں معاونت کے لیے دو فضائی تحقیقاتی ماہرین کو بھی بھیجا گیا ہے۔

بقیہ 8

کا مرکز ابتدائی طور پر 4.43 ڈگری شمالی عرض البلد اور 76.74 ڈگری مغربی طول البلد پر 10 کلومیٹر کی گہرائی میں ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 9

باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ایڈوائزر برائے چیئرمین اور سینیئر پاکستانی فاؤنڈیشن جاپان ناصر نے اعجاز خان کو اہم ذمہ داری ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 10

چھ فالکن 9 پروازوں کے ذریعے ان تمام سیٹلائٹس کو مدار میں پہنچایا ہے۔آج کی پرواز رواں سال اسپیس ایکس کا 107 واں مداری مشن تھا، ان میں سے 105 پروازیں فالکن 9 راکٹ کے ذریعے جبکہ دیگر دو فالکن ہیوی راکٹ کے ذریعے انجام دی گئیں۔

بقیہ 11

ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ ان خفیہ ملاقاتوں میں حوثی نمائندوں نے امریکی حکام کو یقین دہانی کرائی کہ ان کا امریکی بحری جہازوں پر حملے کا کوئی ارادہ نہیں اور وہ امریکا کے ساتھ مئی 2025 میں طے پانے والی جنگ بندی کی پاسداری کے لیے پرعزم ہیں۔ایک یمنی ذریعے نے بتایا کہ حوثیوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اسرائیلی، بحری جہازوں یا دیگر تجارتی جہازوں کو بھی نشانہ نہیں بنائیں گے جن کا تعلق سعودی عرب سے ہو، تعلق رکھنے والے بحری جہازوں کو اس یقین دہانی سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔امریکی حکام نے ان خفیہ ملاقاتوں کی باضابطہ طور پر تصدیق نہیں کی اور امریکی محکمہ خارجہ نے بھی ملاقات سے متعلق سوالات کا براہ راست جواب نہیں دیا تاہم اس نے بحیرہ احمر میں بحری سیکورٹی کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 12

اور ایئرپورٹ کے لیے روانگی کی تیاری کرتے دیکھا جا سکتا ہے، تاہم کچھ ہی دیر بعد انہیں احساس ہوا کہ وہ اپنے ڈرائیور کو الوداع کہنا بھول گئے ہیں۔وہ واپس پلٹ کر گاڑی کی جانب گئے، ڈرائیور سے ہاتھ ملایا اور روانہ ہونے سے قبل مختصر گفتگو بھی کی۔شیخ خالد کے اس انداز کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔واضح رہے کہ بھارت نے 12 اور 13 ستمبر کو نئی دہلی میں 18 ویں برکس سربراہی اجلاس کی میزبانی کی، اس سال سربراہی اجلاس کا موضوع استقامت، جدت، تعاون اور پائیداری کی تعمیر تھا۔اجلاس میں 13 عالمی رہنماؤں اور 17 وفود نے دارالحکومت نئی دہلی میں شرکت کی۔

بقیہ 13

وزیر مملکت، کابینہ کے رکن اور قومی سلامتی کے مشیر ڈاکٹر مساعد بن محمد العیبان بھی موجود تھے۔

بقیہ 14

ریاستوں اور ضلع کولمبیا نے تارکین وطن افراد کے مستقل رہائشی اجازت نامے سے متعلق نئی پابندی کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا۔

بقیہ 15

یونین کو موجودہ اقتصادی و تجارتی کشیدگی کو تعمیری بات چیت کے ذریعے مناسب طور پر حل کرنا چاہیے اور محاذ آرائی میں اضافے سے گریز کرنا چاہیے۔چین دنیا کی بڑی ترین مارکیٹوں میں سے ایک ہے اور چین کی ترقی یورپی یونین کے لیے چیلنج نہیں بلکہ ایک موقع ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ فرانس چین کی ترقی کو درست انداز میں دیکھے گا اور چین۔یورپی یونین تعلقات کے استحکام میں مثبت کردار ادا کرے گا۔بارو نے کہا کہ فرانس ایک چین کی پالیسی پر پرعزم طور پر عمل پیرا ہے۔چین۔یورپی یونین اقتصادی و تجارتی تعلقات اس وقت مشکلات اور چیلنجز سے دوچار ہیں اور فرانس چین اور یورپی یونین کے درمیان تعمیری روابط کے ذریعے مسائل کے حل کے لیے کوششیں کرنے کو تیار ہے۔دونوں وزرائے خارجہ نے ایران کی صورتحال اور یوکرین بحران سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 16

والی کمپنیوں کو جدید میزائلوں اور دفاعی میزائلوں کے ذخائر کو جنگ سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے میں 3 سال تک کا وقت لگ سکتا ہے۔رپورٹ میں امریکی تنصیبات اور ایرانی حملوں سے پہنچنے والے وسیع پیمانے کے نقصانات کی تفصیلات بھی دی گئی ہیں۔رپورٹ کے مطابق ایرانی حملوں کے نتیجے میں کویت، بحرین، قطر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، عراق، عمان اور اردن میں موجود امریکی اڈوں پر سیکڑوں عمارتیں اور دیگر ڈھانچے تباہ یا متاثر ہوئے۔رپورٹ کے مطابق حملوں میں درجنوں امریکی طیاروں اور ڈرونز کو بھی نقصان پہنچا یا وہ تباہ ہو گئے۔

بقیہ 17

میں آبنائے ہرمز اور اس کے اطراف کارروائیوں کے دوران ایرانی فورسز کی جانب سے مار گرائے گئے ایم کیو 1-ڈرونز کی تعداد 4 ہو گئی ہے۔یہ ڈرونز بنیادی طور پر نگرانی اور جاسوسی کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

بقیہ 18

کے ہائی کمشنر نے کہا کہ کوئی ایک ملک تنہا اس ٹیکنالوجی کو منظم نہیں کر سکتا اور کسی کو یہ فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ دنیا کون سے خطرات قبول کرنے جا رہی ہے۔انہوں نے اے آئی کمپنیوں کی جانب سے رضاکارانہ ضابطہ سازی کے ساتھ ساتھ حکومتی سطح پر فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دنیا کی سرکردہ فرنٹیئر اے آئی کمپنیوں کی میزبانی کرنے والی ریاستوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ کمپنیوں کو ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کرنے کا پابند بنائیں اور خلاف ورزی کی صورت میں انہیں جوابدہ ٹھہرائیں۔وولکر ترک نے چین اور امریکا کو فرنٹیئر اے آئی ٹیکنالوجی میں سرفہرست قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کو اپنے طریقہ کار میں ہم آہنگی پیدا کرنی چاہیے تاکہ باہمی مسابقت اے آئی کے حوالے سے ضوابط میں کمی کی دوڑ کا سبب نہ بنے۔انہوں نے کہا کہ اے آئی کے خطرات اور اس کے نظم و نسق کا بنیادی جائزہ انسانی حقوق پر اس کے اثرات کی بنیاد پر لیا جانا چاہیے۔اے آئی کی سلامتی کا مقصد صرف انسانیت کو تباہی سے بچانا نہیں بلکہ لوگوں، برادریوں، اداروں اور آنے والی نسلوں کا تحفظ بھی ہے۔ہائی کمشنر نے اس تاثر کو بھی مسترد کیا کہ اے آئی سے متعلق حفاظتی اقدامات جدت کی رفتار سست کرتے ہیں۔ان کے مطابق زندگی، خوراک، رازداری، صحت اور سلامتی سمیت بنیادی انسانی حقوق غیر ذمہ دارانہ اے آئی ترقی سے متاثر ہو سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے آئی غلط معلومات کے پھیلاؤ اور فوجداری کارروائی کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے یا موسمیاتی بحران سے نمٹنے اور بیماریوں کے علاج میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے، اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ کمپنیاں اور حکومتیں موجودہ اہم مرحلے پر کیا اقدامات کرتی ہیں۔وولکر ترک نے کہا کہ موجودہ نسل کے بعد جوانی میں داخل ہونے والی نسل ان فیصلوں کے نتائج بھگتے گی جن میں اس کی کوئی رائے شامل نہیں، اس لیے ایسے فیصلے شفاف انداز میں اور انسانی حقوق کو پیش نظر رکھتے ہوئے کیے جانے چاہئیں۔

بقیہ 19

نے بتایا کہ ڈرون کو کوسکی کے علاقے اور پر فضا میں تباہ کر دیا گیا، جس کے بعد فضائی خطرے کا الرٹ ختم کر دیا گیا۔فنش کرائسز مینجمنٹ سینٹر کے ڈائریکٹر کیلما سالوکاس نے تصدیق کی کہ ایک ڈرون کی موجودگی کا پتا چلنے کے بعد فنش ایئر فورس کے لڑاکا طیاروں کو کارروائی کے لیے متحرک کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات بعد میں فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 20

ہرمز پہلے ہی عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ حوثیوں نے آبنائے باب المندب بند کرنے کا اعلان نہیں کیا تاہم حوثیوں کے پاس باب المندب بند کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ذکارا کا کہنا تھا کہ حوثی ایران کے احکامات پر عمل کر رہے ہیں یا نہیں لیکن حوثیوں کی کارروائیاں ایران کے لیے فائدہ مند ثابت ہو رہی ہیں کیونکہ اس وقت دونوں اہم سمندری گزرگاہیں خطرے کی زد میں آ گئی ہیں۔تجزیہ کار نے مزید کہا کہ مغربی یمن میں حوثیوں کی پیش قدمی سے سعودی عرب بھی شدید متاثر ہوا ہے جبکہ تیل کی قیمتوں میں اضافہ بھی اسی صورت حال کے اثرات میں شامل ہے۔لویسا ذکارا کے مطابق آبنائے ہرمز سے بچنے کے لیے متبادل توانائی ترسیلی راستے استعمال کرنے کی سعودی کوششیں بھی توقع کے مطابق مکمل طور پر مؤثر ثابت نہیں ہوئی ہیں۔

بقیہ 21

نہیں چاہتے کہ یہ ٹیکنالوجی آگے بڑھے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ اے آئی کی تیز رفتار ترقی کی مخالفت کرنے والے سیاسی عناصر بھی ہو سکتے ہیں، چین بھی ہو سکتا ہے۔دوسری جانب جینسن ہوانگ نے بھی اے آئی ٹیکنالوجی کی ترقی کے انتہائی خطرناک نتائج سے متعلق بعض پیش گوئیوں کو غیر سائنسی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حفاظتی خدشات کو سنجیدگی سے لینا چاہیے لیکن انہیں ٹیکنالوجی کی ترقی روکنے کا جواز نہیں بنانا چاہیے۔

بقیہ 22

ماحول میں تبدیلیاں، میری ٹائم سپلائی چین کے تحفظ پر اس کا اثر اور توانائی کی سپلائی چینز کو درپیش خطرات شامل ہیں۔سمندری تہہ کی سیکورٹی اور انفرا اسٹرکچر کے تحفظ کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔میری ٹائم ٹرانسپورٹ سیکٹر میں سیکورٹی چیلنجز پر بھی بات ہوگی۔میری ٹائم سسٹم کے تحفظ اور کارکردگی بہتر بنانے والے حل و ٹیکنالوجیز کو بھی تلاش کیا جائے گا۔یہ فورم میری ٹائم سیکورٹی کو مضبوط بنانے کے حوالے سے مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے کردار کو بھی اجاگر کرے گا۔

بقیہ 23

کی، اسی جزیرے پر شادی کی استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی جبکہ مہمانوں کے قیام کا انتظام بھی وہیں کیا گیا تھا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق لاکھوں ڈالرز کی ادائیگیاں دبئی میں قائم ایک ایسے ادارے کے ذریعے کی گئیں جو انٹرنیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن سے منسلک ہے اور تنظیم اسے مالی لین دین کے لیے استعمال کرتی ہے۔سوشل میڈیا پر ٹرمپ جونیئر اور ان کی اہلیہ بیٹینا نے بتایا ہے کہ مئی میں بہاماس کے جزیرے پر منعقدہ شادی کی تقریبات کی 2 راتوں کی میزبانی عزیز دوست عمر کریملیو نے کی تھی۔انہوں نے بتایا ہے کہ یہ ایک دوست کا غیر معمولی تحفہ تھا، جس کے لیے ہم شکرگزار ہیں۔رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیٹے کی بہاماس میں ہونے والی شادی میں شرکت نہیں کی تھی۔روسی کاروباری شخصیت کی جانب سے لاکھوں ڈالرز کے اخراجات پر ٹرمپ خاندان پر غیر ملکی اثر و رسوخ کے حوالے سے سوالات کھڑے ہو گئے ہیں۔

بقیہ 24

نے یہ اعلان منگل کو ٹوکیو میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں منعقدہ ایل ڈی پی کے اعلیٰ عہدیداروں کے اجلاس کے دوران کیا۔توقع ہے کہ بدھ کو پارٹی کی انتظامی قیادت کی نئی ٹیم کا اعلان کیا جائے گا جبکہ جمعرات کو کابینہ میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔

بقیہ 25

مختلف چیزیں ہیں۔ماہر نے خبردار کیا کہ مستقبل قریب میں لاکھوں مصنوعی ذہانت کے ایجنٹ انتہائی کم لاگت پر تیار ہو سکتے ہیں جنہیں غلط ہاتھوں میں جانے کی صورت میں خطرناک حیاتیاتی تحقیق سمیت تباہ کن مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔نک بوسٹروم نے حکومتوں پر زور دیا کہ حیاتیاتی دفاع مضبوط کیا جائے اور جینیاتی مواد تیار کرنے والی مشینوں پر مؤثر نگرانی رکھی جائے۔بوسٹروم کے مطابق مصنوعی ذہانت کو انسانوں کے مفادات کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہی اس خطرے کا بنیادی حل ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر یہ ٹیکنالوجی انسانی مقاصد کے ساتھ درست طور پر ہم آہنگ ہوگئی تو بیماریوں کے علاج، انسانی جانیں بچانے اور عالمی خوشحالی میں غیر معمولی کردار ادا کرسکتی ہے۔اے آئی ماہر نے یہ بھی کہا کہ مصنوعی ذہانت کے مستقبل کے اثرات کے بارے میں، میں اب بھی گہری غیر یقینی کا شکار ہوں۔

بقیہ 26

اسے روزانہ 100 سے زائد فون کالز موصول ہوتی تھیں جب کہ اس کے فون میں تقریباً 250 منشیات استعمال کرنے والوں پر مشتمل رابطوں کی فہرست موجود تھی۔پولیس نے ملزم سے کوکین اور ہیروئن برآمد کی، اس منشیات کی مارکیٹ میں مجموعی مالیت تقریباً 8 ہزار 800 پاؤنڈز بتائی گئی ہے۔اس کے علاوہ تقریباً 8 ہزار پاؤنڈ نقد رقم، 6 موبائل فونز، پستول، 9 ایم ایم کی 13 گولیاں، 1 خنجر اور 1 فولڈنگ چاقو بھی برآمد کیا۔

بقیہ 27

صومالیہ کے صدر نے صومالی عوام کی سپورٹ کے حوالے سے رابطہ عالم اسلامی کی کوششوں کو سراہا۔علاوہ ازیں رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل نے صومالیہ کے علما کے ساتھ ایک جامع علمی و فکری نشست میں ملاقات کی۔صومالیہ عالم اسلام کے قلب میں کے عنوان سے خصوصی فورم کا بھی انعقاد کیا گیا۔

بقیہ 28

ہوئے ہیں۔کان میں حفاظتی انتظامات کی کمی کو ایسے حادثات کے خطرات میں اضافے کی ایک بڑی وجہ قرار دیا جاتا ہے۔سوڈان میں چھوٹی اور غیر رسمی سونے کی کان کنی بڑے پیمانے پر جاری ہے، تاہم کئی کانوں میں حفاظتی معیار محدود ہیں۔اس کے باعث کان منہدم ہونے کے واقعات پہلے بھی پیش آتے رہے ہیں۔امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور مزید افراد کی تلاش کی جا رہی ہے، جس کے باعث ہلاکتوں کی تعداد میں اضافے کا خدشہ موجود ہے۔

بقیہ 29

بندی کو قابل اعتماد اور طویل المدت ہونا چاہیے اور یہ روس میں رواں ماہ ہونے والے انتخابات کے بعد بھی برقرار رہنی چاہیے۔زیلنسکی نے زور دیا کہ جنگ کا خاتمہ ضروری ہے اور اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے گریز پر مبنی کشیدگی میں کمی کا اقدام امن کی جانب پہلا قدم ثابت ہوسکتا ہے۔قبل ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ روس اور یوکرین توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے روکنے پر متفق ہوگئے ہیں۔

بقیہ 30

نے بینک آف امریکا کے حالیہ سروے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بھارت اب ایشیا میں سرمایہ کاروں کی سب سے کم پسندیدہ مارکیٹ بن چکا ہے۔

بقیہ 31

کوریا کے 78 ویں یوم تاسیس پر مبارکباد کے جواب میں کہا کہ پیانگ یانگ روس کے ساتھ دوستی، باہمی تعاون اور دونوں ممالک کے اتحادی تعلقات کی بنیاد پر جامع تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔کم جونگ ان نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ روس اپنے ملک کے سلامتی مفادات اور بین الاقوامی انصاف کے دفاع کی موجودہ مقدس جنگ میں فتح حاصل کرے گا۔انہوں نے روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور روسی عوام کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 32

قومی معیشت مجموعی طور پر مستحکم رہی اور ترقی میں نئے شعبوں اور بہتر معیار کی جانب پیش رفت کا رجحان برقرار رہا۔اگست میں ملک کے نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کی اضافی صنعتی قدر میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 5.2 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ جنوری سے اگست تک یہ اضافہ 5.3 فیصد رہا۔جنوری سے جولائی تک نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کا مجموعی منافع 4.5821 ٹریلین یوان رہا، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 17.6 فیصد زیادہ ہے۔اگست میں ملک کے خدماتی شعبے کی پیداواری سرگرمیوں کا انڈیکس سالانہ بنیاد پر 4.1 فیصد بڑھا۔ڈاک، ٹیلی مواصلات، ریڈیو ٹیلی وژن اور سیٹلائٹ ٹرانسمیشن سروسز، انٹرنیٹ، سافٹ ویئر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سروسز سمیت متعدد شعبوں کا کاروباری سرگرمیوں کا انڈیکس 55 فیصد سے زائد کی بلند شرح پر رہا۔جنوری سے اگست تک اشیا اور خدمات کی مجموعی خوردہ فروخت میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 2.5 فیصد اضافہ ہوا۔اس دوران خدمات کی خوردہ فروخت 4.9 فیصد جبکہ اشیا کی خوردہ فروخت 1 فیصد بڑھی۔اگست میں اشیا کی درآمد و برآمد کا مجموعی حجم 4.6455 ٹریلین یوان رہا، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 19.8 فیصد زیادہ ہے۔جنوری سے اگست تک عام تجارتی درآمد و برآمد میں 10.5 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ بیلٹ اینڈ روڈ کے شراکت دار ممالک کے ساتھ درآمد و برآمد 15.9 فیصد بڑھی۔جنوری سے اگست تک ملک بھر میں شہری علاقوں کے سروے پر مبنی بے روزگاری کی اوسط شرح 5.2 فیصد رہی، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے برابر ہے۔اگست میں ملک بھر میں سی پی آئی میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 0.8 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 33

، مقناطیسی میدانوں اور سطحی تابکاری کا جائزہ لیا جائے گا۔مہمت فاتح کاشر نے کہا کہ یہ کوششیں دفاعی صنعت میں اختیار کیے گئے ملک کے اسی طرز عمل کے تحت اہم ٹیکنالوجیز میں مکمل خودمختار ترکیہ کے قیام کے لیے کی گئی ہیں۔خلائی جہاز میں سابقہ امیج اور ترک سیٹ 6اے سیٹلائٹ منصوبوں کے لیے تیار کیے گئے اہم مواصلاتی اور بجلی کے نظام شامل ہیں اور اس میں 80 فیصد مقامی پیداوار کی شرح ہے۔انہوں نے اناڈولو ایجنسی کے حوالے سے کہا کہ مزید تجربات سے اس بات کی تصدیق ہوگی کہ خلائی جہاز لانچ کے دوران اور خلائی ماحول میں پیش آنے والے سخت حالات برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس کے بعد خلائی جہاز کو حتمی معائنے کے لیے ترک سائنسی و تکنیکی تحقیقاتی ادارے تبیتاک کی آئی ٹیک سپیس کی نئی کلین روم سہولت میں منتقل کیا جائے گا۔خلائی جہاز مدار میں لے جانے کی کارروائیوں اور بنیادی سائنسی مشن کے اختتام پر چاند کی سطح تک پہنچنے کے لیے حتمی کنٹرول شدہ رفتار کم کرنے کی کارروائی کے لیے مقامی طور پر تیار کردہ ہائبرڈ پروپلشن سسٹم استعمال کرے گا۔وزیر نے کہا کہ اب تک صرف 8 ممالک نے قمری مشن انجام دیے ہیں اور جب ترکیہ اپنا پروگرام مکمل کرے گا تو وہ ایسا کرنے والا دنیا کا نواں ملک بن جائے گا۔یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ترکیہ حال ہی میں آرٹیمس معاہدوں میں شامل ہوا ہے، جن کا مقصد چاند اور بیرونی خلائی حدود کی پرامن تلاش میں عالمی تعاون کو فروغ دینا ہے۔مہمت فاتح کاشر نے کہا کہ ترک سیٹ 7اے مواصلاتی سیٹلائٹ کی تیاری شروع کر دی گئی ہے جبکہ امیج 2-اور امیج 3-زمینی مشاہداتی سیٹلائٹ کے مجموعوں کے ڈیزائن کے مراحل بھی جاری ہیں۔

بقیہ 34

حوالے سے مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔امریکی فوج کے اعلیٰ حکام ماضی میں بھی کہہ چکے ہیں کہ وہ خلا میں اپنی فوجی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔ان کا موقف رہا ہے کہ روس اور چین مستقبل کے کسی ممکنہ تنازع میں امریکی سیٹلائٹس کو نشانہ بنانے اور ان کے کام میں خلل ڈالنے کی صلاحیتیں حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔امریکی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ خلا میں قائم دفاعی نظام اور انٹرسپٹر میزائل اس کے مجوزہ گولڈن ڈوم دفاعی منصوبے کا اہم حصہ ہیں، جس کا مقصد امریکا کو میزائل حملوں اور فضائی خطرات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔ 1967 کے ایک بین الاقوامی معاہدے کے تحت زمین کے گرد مدار میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تعیناتی پر پابندی عائد کی گئی تھی۔اس کے بعد سے امریکا، روس اور چین سمیت بڑی طاقتیں ایسے دیگر نظاموں پر کام کرتی رہی ہیں جو اس معاہدے کے دائرہ کار سے باہر ہیں، مثلاً حریف ممالک کے سیٹلائٹس کو نشانہ بنانے کی صلاحیت۔یاد رہے کہ فوجی مواصلات، نگرانی اور نیویگیشن کے لیے سیٹلائٹس کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔گزشتہ سال صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک انتظامی حکم نامہ جاری کیا تھا جس میں امریکی سپیس فورس کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا گیا تھا کہ وہ صرف امریکی اثاثوں کا دفاع ہی نہیں کرے گی بلکہ ضرورت پڑنے پر اسے حملہ کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکے گا۔ 2019 میں قائم کی گئی امریکی سپیس فورس گزشتہ 70 سالوں میں امریکی فوج کی قائم ہونے والی پہلی شاخ ہے۔اس کا مقصد خلا میں امریکی اثاثوں کا تحفظ ہے، جن میں مواصلات اور نگرانی کے لیے استعمال ہونے والے سینکڑوں سیٹلائٹس شامل ہیں۔امریکی سپیس فورس کے ترجمان کے مطابق خلائی کنٹرول میں وہ تمام عملی شعبے شامل ہیں جو خلا کے میدان میں مقابلہ کرنے اور کنٹرول حاصل کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔اس مقصد کے لیے روایتی اور غیر روایتی دونوں طرح کے ذرائع استعمال کیے جا سکتے ہیں تاکہ مخالف کی صلاحیتوں کو متاثر کیا جا سکے، ان میں خلل ڈالا جا سکے، انہیں کمزور کیا جا سکے یا ضرورت پڑنے پر تباہ بھی کیا جا سکے۔ترجمان نے کہا کہ امریکی سپیس فورس کی یہ صلاحیتیں جنگی کمانڈز کی ہدایات کے تحت دفاعی اور جارحانہ دونوں مقاصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔فروری کے اوائل میں یہ انکشاف ہوا تھا کہ دو روسی سیٹلائٹس نے غالباً 2022 میں یوکرین پر روسی حملے کے بعد سے کم از کم ایک درجن یورپی سیٹلائٹس کے مواصلاتی نظام میں مداخلت کی ہے۔ایسی مداخلتوں کے ذریعے روسی انٹیلی جنس اداروں کو ان سیٹلائٹس سے منتقل ہونے والا حساس ڈیٹا پڑھنے یا ایک طرح سے ان کا کنٹرول حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ 2024 میں امریکا نے دعویٰ کیا تھا کہ روس نے ایک ایسا سیٹلائٹ مدار میں بھیجا ہے جس کے بارے میں اس کا خیال ہے کہ وہ دیگر سیٹلائٹس پر حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔روس نے اس معاملے پر عوامی سطح پر کوئی تبصرہ نہیں کیا تھا۔امریکی سپیس فورس کے مطابق چین اپنی فوج کو جدید بنانے کی حکمت عملی کے تحت خلائی صلاحیتیں حاصل کر رہا ہے، جبکہ روس خلا کو میدان جنگ کے طور پر لیتا ہے اور اس کا ماننا ہے کہ خلا میں برتری مستقبل کے تنازعات میں فیصلہ کن عنصر ثابت ہوگی۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مجوزہ گولڈن ڈوم دفاعی نظام کی تعمیر، تنصیب اور دو دہائیوں تک آپریشن پر تقریباً 12 کھرب ڈالر لاگت آئے گی۔یہ تخمینہ غیر جانبدار کانگریشنل بجٹ آفس (سی بی او) کی طرف سے لگایا گیا ہے۔تاہم یہ اعتراض بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ امریکا کو بیلسٹک اور کروز میزائلوں سے بچانے کے لیے تیار کیا جانے والا یہ نظام شاید مکمل طور پر کارآمد بھی ثابت نہ ہو۔کانگریشنل بجٹ آفس نے یہ انتباہ بھی کیا ہے کہ گولڈن ڈوم، روس یا چین کے مکمل پیمانے کے حملے کے سامنے کمزور پڑ سکتا ہے۔امریکا کے دفاعی حکام نے خبردار کیا ہے کہ موجودہ نظام ایسے جدید ہتھیاروں کا مقابلہ کرنے میں پیچھے رہ گئے ہیں جو ممکنہ حریف ممالک کے پاس موجود ہیں۔

بقیہ 35

اور اسے ناقابل معافی قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مسجد حرام، مکہ المکرمہ کے مقدس مقام پر ہونے والے بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔انہوں نے لکھا کہ پاکستان کے عوام اس اشتعال انگیز اور افسوسناک اقدام پر دکھی اور شدید تشویش میں مبتلا ہیں، اس قابل مذمت اور ناقابل معافی کارروائی کے نتیجے میں ہمارے دلوں میں جو گہرا دکھ، کرب اور اضطراب پیدا ہوا ہے، اسے بیان کرنے کے لیے الفاظ ناکافی ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ہم سعودی مسلح افواج کی غیر معمولی مستعدی، شجاعت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اس خطرے کا مقابلہ کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ میں ایک بار پھر تمام فریقین سے زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کرنے اور مزید کشیدگی کے دہانے سے پیچھے ہٹنے کی اپیل کرتا ہوں، ہمارا خطہ پہلے ہی تنازعات کی بہت بھاری قیمت ادا کر چکا ہے، پائیدار امن کے حصول کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے۔انہوں نے لکھا کہ پاکستان برادر اسلامی ملک سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے ساتھ ساتھ حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کیلئے پوری ثابت قدمی کے ساتھ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، یہ ایسا فریضہ ہے جسے ہر پاکستانی اپنے دل کے انتہائی قریب رکھتا ہے۔

بقیہ 36

سعودی عرب کے دفاعی اقدامات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتا ہے۔پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے یمن کی صورتحال پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب میں سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے یمن کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور سلامتی کی حمایت کرتا ہے، باب المندب میں حملوں سے دنیا کی معیشت متاثر ہوگی۔دوسری جانب یمنی مندوب نے عالمی برادری سے حوثیوں کو اسلحہ کی فراہمی روکنے کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا، اور حوثیوں کی جارحانہ کارروائیوں کو علاقائی سلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیا۔

بقیہ 37

فوک اینڈ ٹریڈیشنل ہیریٹیج (لوک ورثہ) ترمیمی بل 2026، سٹینڈرڈ ٹائم (تشریح حوالہ جات) ترمیمی بل 2026، آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف یورولوجی (AFIU) راولپنڈی کی ٹیبل آف آرگنائزیشن اینڈ ایکوپمنٹ میں نظرثانی اور ماحول دوست طریقے سے بحری جہازوں میں موجود مضر مواد کے انتظام سے متعلق بل 2026 کی منظوری شامل ہے۔صدر مملکت نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی اسٹاف نرس رضیہ نورین کو تمغہ شجاعت دینے کی منظوری بھی دی، جنہوں نے پمز میں آتشزدگی کے واقعے کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر واحد زندہ بچنے والے بچے کو بحفاظت باہر نکالا۔

بقیہ 38

کے چار ذاتی محافظوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ریاست ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 39

کے مسودے کو جلد حتمی شکل دینے کیلئے روزانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔وزیراعظم کی ہدایت پر بدھ کو یہاں وزارت قانون و انصاف میں کمیٹی کا اجلاس وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت ہوا جس میں وفاقی وزیر برائے توانائی اویس احمد خان لغاری، وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان اور متعلقہ وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔اجلاس میں آٹو پالیسی کے مسودے پر تفصیلی غور کیا گیا اور پالیسی کو حتمی شکل دینے سے قبل تمام اہم امور کا جامع جائزہ لینے پر اتفاق کیا گیا۔اجلاس میں آٹو پالیسی پر تمام وزارتوں اور متعلقہ اداروں کے تحفظات پر شق وار غور کا فیصلہ کیا گیا جبکہ پالیسی کے حتمی مسودے کا قانونی، مالی اور انتظامی پہلوؤں سے جائزہ لینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔اجلاس میں موصولہ تجاویز اور سفارشات کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ آٹو اور آٹو پارٹس مینوفیکچرنگ پالیسی 2026-31 کو وزیراعظم کی منظور کردہ پالیسی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھا جائے گا۔

بقیہ 40

سے فرانس کے پاکستان میں سبکدوش ہونے والے سفیر نکولس گالیے بدھ کو الوداعی ملاقات کی جس میں علاقائی اور عالمی امور پر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے پاکستان اور فرانس کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سفیر نکولس گالیے کی خدمات کو سراہا۔وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان فرانس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوطی اور وسعت دے گا۔انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے سیاسی روابط، اقتصادی تعاون، ترقیاتی شعبے میں تعاون اور عوامی سطح پر روابط کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ملاقات میں دونوں جانب سے اعلیٰ سطح پر باقاعدہ روابط کی اہمیت پر زور دیا گیا۔علاقائی اور عالمی امور پر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔وزیراعظم نے فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے سفیر نکولس گالیے کے لیے مستقبل کی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 41

موقع پر دفاعی ساز و سامان کی خریداری، پیداوار اور استعداد کار میں اضافے کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قومی سلامتی اور ملکی استحکام کو مضبوط بنانے میں تکنیکی جدت کی اہمیت پر زور دیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور روابط مزید فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 42

فوجی کارروائیوں اور سیکیورٹی سے متعلق معلومات خفیہ ہوتی ہیں، کسی بھی کارروائی کا فیصلہ ان تینوں ممالک نے کرنا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ آپ دراصل یہ پوچھ رہے ہیں کہ معاہدے کے تحت کیسے کارروائی کی جائے گی، دفاعی معاہدوں کی تفصیلات کبھی عوامی سطح پر بیان نہیں کی جاتیں۔انہوں نے کہا کہ دفاع سے متعلق دوسرے معاہدے بھی ہیں، جن میں ایک دوسرے کو تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانیاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ جیسا کہ لفظ سے بھی واضح ہے یہ دفاعی تعاون ہے، اس معاہدے میں کوئی جارحانہ پہلو نہیں ہے، باہمی دفاعی معاہدہ ایک دوسرے کیلئے معاون نوعیت کا ہے، ان تمام ممالک کے دوسرے ممالک کے ساتھ اپنے آزادانہ اور الگ تعلقات ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارت اپنی فوجی طاقت بڑھانے کے لیے بہت زیادہ وسائل خرچ کر رہا ہے، اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم اسلحے کی دوڑ میں شامل ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہماری دفاعی صلاحیتیں خالصتاً دفاعی نوعیت کی ہیں، کسی ملک کے خلاف ہمارے جارحانہ عزائم نہیں، ہم نا صرف دفاع کر سکتے ہیں بلکہ سزا بھی دے سکتے ہیں، ہمیں اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی مقصد ملک کی سیاسی قیادت طے کرتی ہے، فوج اور ریاست کے الگ الگ اہداف نہیں ہیں، پاکستان کے مقاصد اور خواہشات سیاسی قیادت کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ چاہتے ہیں کہ افغانستان کی جانب سے پاکستان میں کوئی مداخلت نہ ہو، طالبان حکومت پاکستان میں دہشت گردی کیلئے دہشت گردوں کو تربیت دے رہی ہے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس میں افغانستان میں درجنوں دہشت گرد تنظیموں کا ذکر ہے، ہمارا موقف ہے افغانستان کو دنیا کا دہشت گردی کا مرکز نہیں بننا چاہیے۔

بقیہ 43

منصفانہ ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔امریکہ اور ایران سے بیک وقت اچھے تعلقات ہیں، کسی ایک ملک سے تعلقات دوسرے کی قیمت پر نہیں۔العربیہ کو دیے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ثالثی اور مذاکرات کے ذریعے مستقل اور پائیدار امن کا خواہاں ہے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں اور کسی ایک ملک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات دوسرے ملک کی قیمت پر نہیں ہیں۔ان کا کہنا تھا پاکستان تمام ممالک کے ساتھ اپنے قومی مفادات اور باہمی احترام کی بنیاد پر تعلقات آگے بڑھاتا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ معاہدے کے حوالے سے کہا کہ یہ کسی اچانک پیدا ہونے والی صورتحال کا نتیجہ نہیں بلکہ کئی دہائیوں پر محیط تاریخی اور اسٹریٹجک تعلقات کی باضابطہ شکل ہے۔ان کے مطابق معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور اس میں کسی ملک کے خلاف جارحیت یا مداخلت کا کوئی عنصر شامل نہیں۔انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ اجتماعی ڈیٹرنس پر مبنی ہے اور اس کا بنیادی مقصد علاقائی امن و استحکام ہے۔معاہدے کی آپریشنل تفصیلات عام نہیں کی جاتیں کیونکہ کوئی بھی ملک یا فوج اپنی دفاعی اور آپریشنل تفصیلات پبلک نہیں کرتی۔ان کا کہنا تھا معاہدے کی آپریشنل تفصیلات تینوں ممالک طے کریں گے جبکہ معاہدے میں توسیع کا فیصلہ بھی تینوں ملکوں کی باہمی رضامندی سے ہوگا۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ مکہ معاہدے سے چین کے ساتھ پاکستان کے تعلقات پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور تمام تعلقات ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات تزویراتی نوعیت کے ہیں اور پوری دنیا، بشمول چین، تینوں ممالک کے گہرے تعلقات سے آگاہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ مکہ معاہدے میں کوئی ایسی شق نہیں جس کی بنیاد پر اسے ”مسلم الائنس“ قرار دیا جائے۔علاقائی امن، استحکام اور عدم جارحیت پر یقین رکھنے والے خواہشمند ممالک مستقبل میں اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔انہوں نے پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو عوامی، جذباتی، ثقافتی اور حکومتی سطح پر گہرا قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ ہر ملک کے اپنے الگ قومی مفادات ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مقصد علاقائی کشیدگی میں اضافے کے بجائے مذاکرات، ثالثی اور سفارتی ذرائع سے دیرپا امن کو فروغ دینا ہے۔بھارت کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان برابری، خودمختاری کے احترام اور بھارت کی جانب سے دہشت گردی کے خاتمے کی شرط پر ہی کسی بھی قسم کے مذاکرات یا بات چیت کا قائل ہے۔انہوں نے مئی 2025 کے تنازع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اس دوران واضح کیا تھا کہ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان فوجی تصادم ”پاگل پن اور اسٹریٹجک حماقت“ ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر بھی تنقید کی اور کہا کہ ان کے مطابق بھارت اپنی اندرونی ناکامیوں کو بیرونی مسائل کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹس بھی القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان لبریشن آرمی اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کی افغانستان میں موجودگی کی نشاندہی کرتی ہیں۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف دنیا کی سب سے کامیاب انسداد دہشت گردی مہم چلا رہا ہے۔ان کے مطابق رواں سال ہزاروں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے اور بڑی تعداد میں دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔بلوچستان کی صورتحال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ وہاں کسی قسم کی بغاوت نہیں بلکہ یہ ان کے بقول خالصتاً دہشت گردی ہے جسے بیرونی عناصر کی پشت پناہی حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور مبینہ پراکسیز کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔انہوں نے کہا بلوچستان کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل کی ترقی، بہتر گورننس اور فلاح و بہبود کے لیے سیاسی اور اقتصادی اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔2025 کے پاک بھارت تنازع کے حوالے سے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے ”ہرڈومین“ میں بھارت کو جواب دیا۔فضائی، زمینی، سائبر، بحری، سفارتی اور انفارمیشن کے شعبوں میں بھرپور اور مؤثر ردعمل دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اپنی مجموعی صلاحیت کا صرف 10 سے 15 فیصد حصہ استعمال کیا تھا۔ان کا کہنا تھا بھارتی عسکری ترجمان چند گھنٹوں کے اندر اسکرین پر آئے اور جنگ بندی کی بات کرنے لگے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ اگر بھارت نے دوبارہ کسی فالس فلیگ آپریشن یا جارحیت کی کوشش کی تو اس کے نتائج اس کی توقع سے زیادہ خطرناک ہو سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت کے ساتھ تنازع کو جوہری تصادم میں تبدیل ہونے سے روکنے کے لیے پاکستان کا عزم سب سے بڑا میکنزم ہے، تاہم ان کا کہنا تھا اگر بھارت نے کوئی حماقت کی تو وہ خود تباہی کی طرف چلا جائے گا۔

بقیہ 44

3 ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔پمز ہسپتال کی بہتری کے لائحہ عمل سے متعلق اجلاس وزیراعظم کی زیر صدارت ہوا، جس میں پمز کی تحقیقاتی رپورٹ اور وزارت قومی صحت کی جانب سے اسپتال کے پرفارمنس آڈٹ کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ انکوائری رپورٹ میں تجویز کردہ قلیل مدتی اقدامات پر عملدرآمد آئندہ 3 ماہ میں یقینی بنایا جائے، جبکہ پمز کی بہتری اور اسے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پمز کے فائر سیفٹی نظام کے لیے پی کے ایل آئی سے معاونت اور تجاویز لی جائیں، جبکہ ڈبلیو ایچ او کی رپورٹ میں موجود تجاویز پر غور کر کے ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسپتال میں ادویات اور دیگر سہولیات بالکل مفت فراہم کرنے کے اقدامات کو بھی لائحہ عمل کا حصہ بنایا جائے، جبکہ پمز کی بہتری کے لیے اچھی شہرت کی حامل افرادی قوت تعینات کی جائے۔انہوں نے پمز اسپتال کی بہتری کے لیے طویل مدتی اقدامات پر مشتمل ایک جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔وزیراعظم نے پولی کلینک اسپتال کا آڈٹ کر کے بے ضابطگیوں کو دور کرنے اور اس کی تنظیم نو کے لیے بھی لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت کر دی۔انہوں نے سی ڈی اے کو اسلام آباد کے تمام سرکاری اور نجی اسپتالوں میں فائر سیفٹی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔وزیراعظم نے سی ڈی اے اور تمام متعلقہ اداروں کو سرکاری و نجی دفاتر اور عمارتوں کا فائر سیفٹی کے حوالے سے آڈٹ یقینی بنانے اور تمام دفاتر و عمارتوں میں ضروری فائر سیفٹی اقدامات پر عملدرآمد کرانے کی بھی ہدایت کی۔اس موقع پر اجلاس کو وزارت قومی صحت کی جانب سے پمز اسپتال کی بہتری اور اسے بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، جس میں بتایا گیا کہ پمز اسپتال کے پرفارمنس آڈٹ میں جانچ کیے گئے انڈیکیٹرز میں 90 فیصد کے قابل قبول ہدف کے مقابلے میں صرف 39.7 فیصد کمپلائنس پائی گئی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ پمز کی تحقیقاتی رپورٹ کی روشنی میں 37 مجوزہ اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ قلیل، وسط اور طویل مدتی اقدامات سے متعلق بھی اجلاس کو بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، عطا اللہ تارڑ، سید مصطفیٰ کمال، معاون خصوصی مختار احمد بھرتھ اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 45

طلب کیا تھا لیکن کوئی پیش نہیں ہوا، کیا افسران کا پیش نہ ہونا حکم عدولی نہیں؟ کہیں نہ کہیں کوئی غلط فہمی موجود ہے، علاج سرکاری یا نجی اسپتال میں ہوگا، یہ پوائنٹ فی الحال سائیڈ پر رکھ دیں، کیا ہمارے آرڈر کے باقی حصے پر عمل ہو رہا ہے؟ کیا ملاقاتیں اور بچوں سے بات کرائی گئی؟ فاضل جج نے کہا وفاقی آئینی عدالت قرآن و سنت کے معاملات میں مداخلت نہیں کرسکتی، وفاقی آئینی عدالت صرف آئین کی تشریح کرسکتی ہے، آئین کی تشریح کے علاوہ تمام معاملات سپریم کورٹ کے پاس ہیں۔اٹارنی جنرل نے کہا کہ سپریم کورٹ کا شریعت بینچ قرآن و سنت کی تشریح کر سکتا ہے جس پر جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کیا عدالت درخواستیں خارج کر دے یا سماعت نہ کرے؟ کیا ہم آئینی عدالت کے حکم کے پابند ہیں؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آئین کے مطابق آئینی عدالت مقدمات کا ریکارڈ ہی نہیں، کیسز بھی منگوا سکتی ہے، اس بات کا تعین ہونا ہے کہ آئینی عدالت کہاں کہاں سے ریکارڈ منگوا سکتی ہے۔جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت کے حکم نامے میں لکھا ہے کہ ریکارڈ منگوا کر کیسز مقرر کیے جائیں، وفاقی آئینی عدالت میں کیسز مقرر کرنے کا لفظ ہمیں تنگ کر رہا ہے، اٹارنی جنرل ہماری معاونت کریں کہ وفاقی آئینی عدالت کیسے کیس سن سکتی ہے؟ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ اڈیالا جیل انتظامیہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہوا تھا، سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کی گئی، کیا جیل سپرنٹنڈنٹ کے وارنٹ جاری کر دیں؟ جس پر اٹارنی جنرل نے کہا مناسب ہوگا کہ ایک موقع دے دیں۔جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے نظرثانی درخواست میں حکومت نے لکھا ہے کہ نجی اسپتال میں علاج نہیں ہوسکتا جس پر اٹارنی جنرل نے کہا عدالت کے حکم پر ریکارڈ فراہم کر دیا ہے۔جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت سے آئین کی منشا سمجھنا چاہ رہے ہیں، عدلیہ کے درمیان باہمی احترام کے قائل ہیں، سوالات کا منفی مطلب نہ لیجیے گا، یہ صرف سمجھنے کے لیے ہیں۔اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ آئینی عدالت اور سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار آئین میں واضح ہیں جس پر جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ آئینی عدالت کے حکم میں لکھا ہے کہ وہ تعین کریں گے کہ بنیادی حقوق کے کیسز کون سن سکتا ہے، بنیادی حقوق کا معاملہ تو ہر کیس میں ہوتا ہے، شفاف ٹرائل کا بنیادی حق ہر فوجداری کیس میں سامنے آتا ہے۔سپریم کورٹ نے کہا کہ آئینی عدالت نے مقدمات کا ریکارڈ منگوا کر سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم دیا، مقدمات کو سماعت کے لیے مقرر کرنے کے حکم کے کیا نتائج ہوں گے؟ اٹارنی جنرل اس نکتے پر ہماری معاونت کریں۔اٹارنی جنرل منصور اعوان نے کہا کہ مناسب ہوگا عدالت کیس پر سماعت 3 ہفتوں کے لیے مؤخر کر دے، سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل کی استدعا منظور کرتے ہوئے کیس 3 ہفتوں کے لیے ملتوی کر دیا۔

بقیہ 46

بجلی چوری کی روک تھام اور لوڈ مینجمنٹ بہتر بنانے کے لیے ٹرانسفارمر کی سطح پر بجلی بند کرنے کا نیا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ اس نظام کے تحت جس ٹرانسفارمر پر بجلی چوری ہوگی صرف اسی ٹرانسفارمر کو بند کیا جاسکے گا اور پورے فیڈر کو بند کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔وزیر توانائی نے بتایا کہ ایک لاکھ نوے ہزار ٹرانسفارمرز کے اوپر آن آف کرنے کا سسٹم لا رہے ہیں، اس نظام کے نفاذ سے پورا فیڈر بند نہیں کرنا پڑے گا، یہ نیا تصور ہے جو دنیا کے مختلف حصوں میں استعمال ہو رہا ہے، اس نظام کے لیے ریگولیٹری فریم ورک آئندہ سال اپریل یا مئی تک فراہم کر دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نیٹ میٹرنگ سسٹم تبدیل کرنے سے لوگوں نے بیٹریاں لگانا شروع کی ہیں، 3، 4 لاکھ لوگوں کا بوجھ باقی ساڑھے 3 کروڑ لوگوں پر ڈالنے سے روکا ہے۔اویس لغاری نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے پیٹرولیم ڈویژن ایل این جی کیکارگوز نہیں لے پا رہا، مقامی گیس کو عقل و فہم کے ساتھ استعمال کر رہے ہیں۔

بقیہ 47

کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ نواز شریف نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو صدر آزاد جموں و کشمیر کے عہدے کے لئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اور اس کی قیادت کی جانب سے ڈاکٹر محمد نجیب نقی کو اس نامزدگی پر مبارک پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 48

ان سے ملاقات کی۔ملاقات میں پاک چین دوطرفہ تعلقات، انسداد دہشتگردی اور انسداد منشیات سے متعلق مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں پولیس ٹریننگ ایکسچینج پروگرام اور جدید ٹیکنالوجی و آلات کے حوالے سے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ چین نے پاکستان میں جدید طرز کے لاانفورسمنٹ سینٹر کے قیام میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔وزیر داخلہ نے کہا کہ لاانفورسمنٹ سینٹر پاک چین دوستی کی ایک اور روشن علامت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے چینی مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی اور جدید آلات سے بہت مدد مل سکتی ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان داخلی سلامتی سے متعلق تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے اور اس سلسلے میں چین کے ساتھ اشتراک کو مزید بڑھایا جائے گا۔ملاقات کے دوران چینی نائب وزیر پبلک سیکیورٹی گاو چی نے دہشتگردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں اور عزم کو سراہا۔ملاقات میں پولیس ٹریننگ کے شعبے میں تبادلے، جدید ٹیکنالوجی اور آلات کے استعمال سمیت انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ 49

اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں اسکیم کے پائلٹ منصوبے کے افتتاح کے بعد اب اسے ملک بھر سمیت آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی شروع کر دیا گیا ہے۔حکام کے مطابق اسکیم کو عوام کے لیے آسان اور سادہ بنایا گیا ہے جبکہ رجسٹریشن کے لیے صرف چار بنیادی معلومات درکار ہیں۔حکام کے مطابق درخواست گزار کو اپنا شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا نمبر پلیٹ، گاڑی کی رجسٹریشن کا صوبہ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہوگی۔کامیاب رجسٹریشن کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ملک گیر سطح پر اسکیم کے نفاذ کے لیے صوبائی حکومتیں بھی بھرپور تعاون کر رہی ہیں۔وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کو سبسڈی کے حصول میں آسانی فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ، رضاکاروں اور پٹرول پمپ کے عملے پر مشتمل سہولت ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ سہولت ڈیسک پر موجود عملہ اسکیم کے مستحق شہریوں کی رہنمائی کرے اور رجسٹریشن سمیت دیگر ضروری مراحل مکمل کرنے میں عوام کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے۔وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوام میں اسکیم کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کو طریقہ کار، اہلیت اور رجسٹریشن کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی جائیں۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق باجوہ اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔حکام نے اجلاس کو بتایا کہ فیول سبسڈی اسکیم کی مکمل تفصیلات **پی ایم فیول ریلیف** کی اردو ویب سائٹ پر دستیاب ہیں اور شہری وہاں سے اسکیم کے طریقہ کار اور رجسٹریشن سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 50

احسن سینیٹر راحت جمالی سینیٹر عامر ولی الدین چشتی، سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر اور سینیٹ کے اعلیٰ حکام اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ حج دین اسلام کا ایک اہم رکن اور عظیم عبادت ہے، ہر مسلمان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کی زیارت اور فریضہ حج کی ادائیگی کی سعادت نصیب ہو۔انہوں نے کہا کہ حج اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور اس عظیم عبادت کی سعادت حاصل کرنا ہر مسلمان کے لئے باعث فخر و مسرت ہے۔انہوں نے قرعہ اندازی میں منتخب ہونے والے دونوں خوش نصیب ملازمین اور ان کے اہلخانہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔چیئرمین سینیٹ نے سینیٹر عامر ولی الدین چشتی کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی جانب سے سینیٹ سیکرٹریٹ کے ملازمین کے لئے مفت حج کی سہولت فراہم کرنا ایک قابل تحسین، فلاحی اور احسن اقدام ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتے ہیں بلکہ ان کے لئے دینی فریضہ ادا کرنے کے مواقع بھی پیدا کرتے ہیں۔سینیٹر عامر ولی الدین چشتی نے سینیٹ ایمپلائز ویلفیئر فنڈ کے لئے دس لاکھ روپے کا عطیہ بھی دیا۔

بقیہ 1

اشیاء کے معیار کی بہتری اور عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے اہم امور زیر بحث آئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مارکیٹوں میں باقاعدگی سے چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے اور ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، کم تولنے اور ملاوٹ جیسے عوام دشمن اقدامات کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے تاجر برادری پر بھی زور دیا کہ وہ سرکاری نرخ نامے پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، اشیائے ضروریہ کی مصنوعی قلت پیدا کرنے، غیر ضروری قیمتیں بڑھانے اور عوام کو غیر معیاری اشیاء کی فراہمی سے گریز کریں اجلاس میں شہر کے مختلف بازاروں میں قائم تجاوزات اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ تاجر برادری اور ضلعی انتظامیہ باہمی تعاون سے بازاروں کو تجاوزات سے پاک کرنے، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور پیدل چلنے والے شہریوں کے لیے راستے کشادہ رکھنے کے لیے مربوط اقدامات کریں گے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ منظم، صاف ستھرا اور ٹریفک کے بہتر نظام والا بازار نہ صرف شہریوں کے لیے سہولت کا باعث بنتا ہے بلکہ تاجر برادری کے کاروبار کے لیے بھی سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازار کے مسائل کے حل کے لیے تاجروں، انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ ضروری ہے تاجر یونین کے نمائندگان نے ضلعی انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ وہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد، بازاروں کی بہتری، تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے اختتام پر کہا کہ انتظامیہ اور تاجر برادری مل کر عوام کو بہتر سہولیات، مناسب قیمتوں پر معیاری اشیاء اور منظم کاروباری ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2

آئی جی بلوچستان محمد طاہر سمیت دیگر اعلیٰ و سینئر پولیس افسران اور جوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی

بقیہ 3

خان ناصر نے کہا کہ عوامی نمائندگان، سول سوسائٹی، کاروباری برادری، نوجوانوں، وکلاء اور دیگر طبقات کے درمیان مؤثر رابطہ قومی مسائل کے حل اور ملک کی ترقی کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور پارلیمان عوامی فلاح، معاشی استحکام اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور نمائندہ وفود کی تجاویز قومی پالیسی سازی میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے پارلیمانی فورمز کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ملک کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کاروباری برادری ملکی معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے، جبکہ وکلاء، طلبہ، قبائلی عمائدین اور سول سوسائٹی جمہوری اقدار کے فروغ اور معاشرتی استحکام میں اہم شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام طبقات کی مشاورت سے عوامی مسائل کا پائیدار حل تلاش کیا جاسکتا ہے اور ملک میں ترقی و خوشحالی کی نئی راہیں ہموار کی جاسکتی ہیں۔ ملاقاتوں میں شرکاء نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو اپنے علاقوں اور متعلقہ شعبوں سے متعلق مسائل، تجاویز اور سفارشات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے وفود کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز اور مسائل کو متعلقہ فورمز پر اٹھایا جائے گا اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر قومی مفاد میں مثبت اور تعمیری کردار کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد، باہمی احترام اور مسلسل مشاورت کے ذریعے ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پایا جاسکتا ہے اور پاکستان کو ترقی، استحکام اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 4

نوجوانوں کو قرضے فراہم کرکے انہیں اپنے کاروبار شروع کرنے کے مواقع دیے جارہے ہیں، نوجوان نہ صرف اپنے لیے کاروبار کررہے ہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تیل، کیننگ، کڑھائی اور کھجور کی صنعتوں میں سینکڑوں افراد کو روزگار کے مواقع میسر آرہے ہیں۔

بقیہ 5

اہم پیش رفت جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی کی خصوصی تجویز اور کاوشوں سے بی ایس ڈی آئی کی دس کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے شہر کے حفاظتی ڈیم کا افتتاح کردیا گیا حاجی میر زابد علی ریکی نے اسسٹنٹ کمشنر واشک خداداد کے ہمراہ حفاظتی ڈیم کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈی ایس پی بدل خان محمد حسنی، عبدالمالک یلانزئی، مفتی محمد حمزہ، سیٹھ رحمت اللہ، سردار حیات، حافظ عبدالقادر، حافظ کلیم اللہ، حاجی اسماعیل الہ زئی، سید عبدالغفور شاہ، خان جان دھیانی، حافظ ضیاء، مفتی نظام الدین، میر برکت سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات موجود تھیں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ واشک شہر طویل عرصے سے بارش اور ندی نالوں کے پانی سے متاثر ہوتا رہا ہے حفاظتی ڈیم کی تکمیل سے شہر کو سیلابی پانی سے محفوظ رکھے گا جبکہ ایم پی اے حاجی میر زابد علی ریکی کی خصوصی توجہ اور تجویز سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ شہریوں کے تحفظ کے لیے ایک اہم قدم ہے

بقیہ 6

رفت، درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبے بھر سے اب تک تقریباً 8 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس افغانستان بھیجا جا چکا ہے، جبکہ کوئٹہ میں 3 لاکھ 50 ہزار سے زائد افغان مہاجرین رضاکارانہ واپسی یا انتظامیہ کی جانب سے کی گئی کارروائیوں کے نتیجے میں افغانستان واپس جاچکے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف سی سمیت متعلقہ اداروں پر مشتمل مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں۔ کوئٹہ میں اس وقت تقریباً 23 ہزار افغان مہاجرین باقی ہیں جن کی واپسی کے لیے متعلقہ اداروں کی جانب سے کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ اجلاس میں افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل کے دوران درپیش مختلف انتظامی اور عملی مشکلات پر بھی غور کیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ واپسی کے عمل کو قواعد و ضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایسے افغان مہاجرین جو واپسی کے بعد دوبارہ پاکستان آرہے ہیں یا جن کی دوبارہ آمد کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، ان کے خلاف کارروائی کے حوالے سے محکمہ داخلہ سے باقاعدہ ہدایات حاصل کی جائیں گی، جس کے بعد قانون اور حکومتی پالیسی کے مطابق آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ افغان مہاجرین کی واپسی کے عمل میں تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری یقینی بنائی جائے اور حکومتی احکامات و پالیسی کے مطابق کارروائیوں کو آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 7

بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اسوقت میدان جنگ بنا ہوا ہے عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہوچکی ہے اور سڑکوں پر دن دیہاڑے سفر کرنا دشوار ہوگیا ہے لیکن وزیر اعلیٰ، وزراء اور ارکان اسمبلی عوام کو تحفظ فراہم کرنے کی بجائے اپنے تحفظ اور لوٹ مار میں لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری نوکریاں سرعام لاکھوں روپے کے عوض فروخت کی جارہی ہیں اور پڑھے لکھے نوجوان دھکے کھانے پر مجبور ہیں جس سے ان میں مایوسی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان امن جرگے کا ہمیشہ سے یہ موقف رہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ دہشت گردی نہیں ہے بلکہ اصل مسئلہ معاشی ہے اگر نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کیا جائے تو دہشت گردی خود بخود ختم ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پڑھے لکھے نوجوان نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے غلط راستوں کا انتخاب کررہے ہیں جو کسی بھی طرح ملک اور صوبے کے مفاد میں نہیں ہے۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اینٹی کرپشن، نیب اور دیگر تحقیقاتی ادارے نوکریاں فروخت کرنے والے صوبائی وزراء، سیکرٹریز اور انکے چمچوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائیں اور جو بھی نوکریاں فروخت کرنے میں ملوث ہیں انہیں سرعام سزائیں دی جائیں تاکہ دیگر افراد ان سے عبرت حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی مخلوط حکومت ہے اور دونوں سیاسی جماعتوں کے کارکن اور ضلعی صدور اور عہدیدار اپنے وزراء پر نوکریاں فروخت کرنے کے الزامات لگارہے ہیں جن کی صاف اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئے۔

بقیہ 8

زمینداروں کے لیے ٹیکس ریلیف کی سفارش متعلقہ حکام کو ارسال کرنے کی ہدایت کی انہوں نے ملازمین کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانے، غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی اور آبپاشی و پانی ذخیرہ کرنے سمیت قابل عمل ترقیاتی منصوبے PSDP میں شامل کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ علاوالدین بلوچ سے واٹر مینجمنٹ منصوبوں، تالابوں، واٹر پورٹنگ اور سولر سسٹمز کی تکمیل و فعالیت کی تفصیلی رپورٹ بھی طلب کی گئی دورہ کے موقع پر زراعت آفیسر بابو نواز احمد سمیت محکمہ زراعت توسیع و واٹر مینجمنٹ کے افسران و اہلکار موجود تھے۔

بقیہ 9

عوام کی جان و مال محفوظ نہیں اور ہر طرف خوف و ہراس کی کیفیت طاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی تمام تر توجہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے بجائے ریڈ زون اور اہم سرکاری عمارات کے حفاظتی حصار تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ او دیواروں کے پیچھے مزید دیواریں کھڑی کرکے حکمران اپنے تحفظ کو یقینی بنانے میں مصروف ہیں جبکہ عوام آگ اور بارود کے شعلوں میں موت و زندگی کی کشمکش سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی نااہلی انتظامی کمزوری اور امن وامان کے عملی انتظامات کے فقدان کے باعث بلوچستان کے مختلف شہروں شاہراہوں اور دور دراز علاقوں میں شہریوں کے جان و مال کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ آئے روز پیش آنے والے واقعات نے عوام میں شدید اضطراب اور عدم تحفظ پیدا کردیا ہے۔ حکومت محض بیانات اور رسمی اقدامات کے بجائے اپنی ذمہ داری کا عملی مظاہرہ کرے۔

بقیہ 10

اغوا کیے جانے سمیت مختلف قیاس آرائیاں شامل تھیں تاہم سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ نے افواہوں کی بجائے شواہد اور تکنیکی معلومات کی بنیاد پر کیس کے اصل حقائق تک رسائی حاصل کی تفتیش کے دوران مختلف شواہد، دستیاب معلومات، رابطوں اور دیگر تکنیکی پہلوؤں کو باریک بینی سے جوڑا گیا، جس کے نتیجے میں تفتیش مقتول بچے کی سگی چچی تک جا پہنچی۔ سیریس کرائم انوسٹیگیشن ونگ نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمہ کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق دوران تفتیش ملزمہ نے مبینہ طور پر جرم کا اعتراف کیا تفتیش کے مطابق کمسن علی شاہ کی نعش مبینہ طور پر چند روز گھر میں موجود پانی کی ٹینکی میں چھپائی گئی بعد ازاں بدبو پھیلنے پر لاش کو نکال کر بوری میں بند کیا گیا اور گھر کے قریب پھینک دیا گیا تھا۔

بقیہ 11

مطابق کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں میں پیشہ ور گداگروں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور شہریوں کی جانب سے ملنے والی شکایات کی روشنی میں انتظامیہ کی جانب سے گداگروں اور بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں شروع کی گئیں گزشتہ دنوں سریاب اور دیگر علاقوں میں مختلف مقامات پر بھیک مانگنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 خواتین سمیت 10 بھکاریوں کو حراست میں لے لیں ضلع انتظامیہ مغرب (west) کا گداگری کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 12

دفاع اور بالخصوص حرمین شریفین کے تقدس اور تحفظ کے لیے مملکت کے شانہ بشانہ غیر متزلزل طور پر کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے مشکل وقت میں ہمیشہ کی طرح دوستی اور برادری کے رشتے کو نبھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے۔ اس موقع پر انہوں نے رائل سعودی مسلح افواج کی غیر معمولی مستعدی، بہادری اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سلام پیش کیا، جنہوں نے بروقت ضرورت انتہائی شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری اور مؤثر کارروائی کی اور دشمن کے اس مذموم حملے کی کوشش کو ناکام بنادیا۔

بقیہ 13

قبائلی روایات، بھائی چارے اور باہمی احترام کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، مگر عوام کا یہ طرز زندگی بھی حکمرانوں کو ناگوار گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل پر آواز بلند کرنے پر مجھے خاموش کرنے اور دباؤ میں لانے کے لیے میرے گھر مہر گڑھ پر ڈرون حملے کے ذریعے خاموش رہنے کا پیغام دیا گیا، تاہم حکمرانوں کی یہ خام خیالی ہے کہ وہ ایسے منفی حربوں کے ذریعے ہمیں خاموش کرسکتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے ہماری پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو آگ اور خون کی جنگ میں دھکیلنے والے حکمران اور ان کے سہولت کار اپنے مفادات اور منافع خوری کے لیے پرامن اور محکوم عوام کو ایندھن بنا رہے ہیں۔ نوابزادہ لشکری رئیسانی نے یقین دلایا کہ وہ نوشکی کے عوام اور آل پارٹیز کے ساتھ کھڑے ہیں اور نوشکی کے عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 14

تک نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv مری آباد، طوغی روڈ، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، غازی، واسا، اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن، اے ون سٹی، جڑسا، اولڈ لیاقت بازار، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔ اسکے علاوہ 17 ستمبر کے روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے اولڈ اور نیو پشتون آباد، ایسٹرن بائی پاس، ایف جی ایس، شموزئی، شیخ زید اسپتال فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اس کے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت کے کام کئے جارہے ہیں ۔ اس سلسلے میں 18 ستمبر کو (بروز جمعہ) 66kV سورینج گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 15

ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری بلانے کا مقصد یہی تھا کہ عوامی مسائل کا جو پہلو نظر انداز رہ جاتا ہے، اسے براہ راست سن کر حل کیا جائے۔ کھلی کچہری میں خواتین نے اپنے مسائل ڈپٹی کمشنر کے سامنے بیان کیے اور تحریری درخواستیں بھی جمع کروائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعدد قابل حل مسائل موقع پر ہی نمٹا دیے، ڈپٹی کمشنر سبی نے کہا کہ اس نوعیت کی کھلی کچہریاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ عوام، بالخصوص خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاسکے اور انتظامیہ اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کسی بھی مسئلے کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے اس اہم منصوبے کے تحت ضلع سبی میں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے وسیع پیمانے پر ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، جن سے علاقے کے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 16

موقع پر کالج انتظامیہ نے اسسٹنٹ کمشنر کو تعلیمی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات سے متعلق بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تعلیمی سرگرمیوں میں مزید بہتری، اساتذہ کی باقاعدہ حاضری اور دستیاب سہولیات کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے پر زور دیا تاکہ طالبات کو معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں تعلیمی اداروں کو مضبوط بنانا اور طالبات کے لیے معیاری و قابل رسائی تعلیمی مواقع کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 17

کے لیے قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ دریں اثناء ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے گوادر فشریز آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے لائسنس برانچ، اکاؤنٹس برانچ اور دیگر دفتری امور و انتظامی معاملات کا جائزہ لیا ڈائریکٹر جنرل فشریز نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ دفتری امور شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں، لائسنس کے اجرا و رجسٹریشن کے عمل میں قانونی تقاضوں کو ملحوظ رکھا جائے اور ماہی گیروں کو بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے دفتر کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسٹاف کو ہدایت کی کہ عوامی خدمت اور ماہی گیر دوست پالیسی کے تحت اپنی ذمہ داریاں مزید موثر انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے اسٹاف کو اپنے مکمل تعاون اور ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی اس موقع پر ڈائریکٹر میرین احمد ندیم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر صغیر زمان سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 18

مسئلہ یہ ہے کہ یہاں کا اپنا اسمبلی نمائندہ موجود نہیں جبکہ موجودہ اسمبلی نمائندہ پر عوامی مسائل کے بجائے ذاتی مفادات، کرپشن اور کمیشن کو ترجیح دینے کے الزامات عائد کئے جارہے ہیں اور غیر شخص ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی کے عوام کو ایسا نمائندہ چاہیے جو حقیقی معنوں میں ان کے مسائل کی آواز بنے اور علاقے کی ترقی، صحت، بجلی، سڑکوں، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اعلیٰ حکام ضلع شیرانی کے تمام بنیادی مسائل کا فوری نوٹس لیں سرکاری اداروں میں حاضری اور کارکردگی یقینی بنائیں مبینہ کرپشن کی شفاف تحقیقات کرائیں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 19

لیے متحد ہونا ہوگا آج عالم اسلام کو تقسیم نہیں بلکہ اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے سعودی عرب اور پاکستان کے تعلقات محض دو ریاستوں کے تعلقات نہیں، یہ ایمان، اخوت، تاریخ اور باہمی احترام کے مضبوط رشتے ہیں جے یو آئی پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی پالیسی پر قائم ہے عالم اسلام کے مسائل کا حل باہمی احترام، مذاکرات، اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی میں ہے مسلم دنیا کو اپنے اختلافات کو دشمنی میں تبدیل ہونے سے روکنا اور امت کے اجتماعی مفادات کا تحفظ کرنا ہوگا سعودی عرب کی سلامتی، استحکام اور حرمین شریفین کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے پاکستان اور سعودی عرب سمیت تمام اسلامی ممالک کو امن، استحکام اور مسلم امہ کے اجتماعی مفادات کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے جے یو آئی مسلم ممالک کے درمیان اتحاد، باہمی احترام اور عدم مداخلت کی پالیسی کی حمایت کرتی ہے اللہ تعالیٰ سعودی عرب، پاکستان اور تمام مسلم ممالک کو امن و سلامتی عطا فرمائے اور امت مسلمہ کو اتحاد و اتفاق نصیب کرے۔

بقیہ 20

شامل تھے۔ وہ سادہ طبیعت، زمین سے جڑے ہوئے، محبت کرنے والے اور دوسروں کا خیال رکھنے والے انسان تھے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی ہر شخص سے گرمجوشی، محبت اور احترام سے پیش آتے تھے۔ ان کی دوستی میرے لیے باعثِ اعزاز تھی اور آج بھی ان کی موجودگی، شفقت اور ان کے ساتھ گزارا ہوا خوبصورت وقت شدت سے یاد آتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی کی شخصیت اور ان کے ساتھ وابستہ یادیں ہمیشہ دل میں زندہ رہیں گی۔ ان کی وفات ایک ذاتی نقصان تھی جس کا احساس آج بھی اسی شدت سے موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سردار سرفراز ڈومکی کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور ان کے اہل خانہ سمیت تمام چاہنے والوں کو صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام کے اختتام پر کہا کہ عزیز دوست، آپ ہمیشہ یاد رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی روح کو سکون اور اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 21

پر ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر حملے کی کوشش ناقابل معافی ہے پاکستانی عوام اس اشتعال انگیز واقعے پر شدید غمزدہ اور مضطرب ہیں سعودی مسلح افواج کی بروقت کارروائی، غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت کو سراہتے ہیں پاکستان ہر حال میں سعودی عرب کی خودمختاری اور سلامتی کے ساتھ کھڑا ہے حرمین شریفین کا تحفظ ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے تمام فریقین کشیدگی میں اضافے سے گریز اور زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں مستقل امن کا واحد راستہ مذاکرات اور سفارت کاری ہے۔

بقیہ 22

کے خاتمے کے لیے تمام فریقین کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ سینیٹر شیخ بلال مندوخیل کا کہنا تھا کہ مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کو ہر سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ خطے میں امن واستحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور ایسے اقدامات کی روک تھام کی جائے جو کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں۔

بقیہ 23

کے دوران مجموعی طور پر 59 دودھ بردار گاڑیوں و موٹر سائیکلوں سمیت 7 دودھ کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 19,221 لیٹر دودھ جبکہ بڑی مقدار میں دہی کے معیار کی جانچ کی گئی۔ ملاوٹ، ناقص معیار اور انسانی صحت کے لیے مضر پائے جانے والے تقریباً 2,000 لیٹر دودھ اور بڑی مقدار میں دہی کو موقع پر تلف کردیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی موبائل لیبارٹری کے ذریعے دودھ کے نمونوں کی موقع پر جانچ کی گئی جس میں دودھ میں پانی اور اسکمڈ ملک کی ملاوٹ کی نشاندہی کی گئی۔ خلاف ورزی ثابت ہونے پر موقع پر ہی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مشتبہ دودھ کے ڈبے بھی ضبط کیے گئے۔ انسپکشن ٹیموں نے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران حفظان صحت کے ناقص انتظامات، غیر مناسب اسٹوریج، آلودہ برتنوں، صفائی کی ابتر صورتحال اور بغیر لائسنس کاروبار سمیت مختلف خلاف ورزیوں کا بھی نوٹس لیا۔ خصوصی ملک ٹیسٹنگ مہم سے متعلق ڈائریکٹر آپریشنز بلوچستان فوڈ اتھارٹی ہیڈکوارٹر فخر الدین مری کا کہنا ہے کہ دودھ بنیادی اور روزمرہ استعمال کی اہم غذا ہے اس لیے دودھ کے معیار اور خالص پن پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موبائل لیبارٹری کے ذریعے موقع پر دودھ کی جانچ کا عمل مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ ملاوٹ کی فوری نشاندہی کرکے عوام کو غیر معیاری دودھ کی فراہمی روکی جاسکے۔ فخر الدین مری نے کہا کہ دودھ میں پانی، اسکمڈ ملک یا دیگر غیر مجاز اجزا کی ملاوٹ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے، اس لیے دودھ فروشوں اور ملک سپلائرز کو مقررہ فوڈ سیفٹی قوانین اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔

بقیہ 24

افیسر ڈاکٹر عصمت خان ، وائس چانسلر سردار بہادر خان یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ ، ڈاکٹر محمد وقاص سلیم اور انچارج ریہیبلیٹیشن سینٹر فہمیدہ کاکڑ نے شرکت کی اس سیمینار کا مقصد قومی ثقافتی بیانیہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے، فروغ دینے، نوجوانوں اور طالب علموں کو مثبت، تعمیری اور مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے متحرک کرنا تھا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ثقافتی شناخت کا حاشیہ نہیں بلکہ اس کا ایک بنیادی باب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے بغیر پاکستان کی تاریخ، تہذیب اور قومی شناخت کی تصویر مکمل نہیں ہوسکتی۔ اس کے علاوہ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم ایک ایسا پاکستان چاہتے ہیں جس میں کسی شہری کو یہ محسوس نہ ہو کہ اس کی زبان، ثقافت یا علاقائی شناخت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ وزیر تعلیم بلوچستان ، راحیلہ حمید درانی نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ثقافت کو کبھی بھی تقسیم کا ذریعہ نہیں بنانا چاہیے بلکہ یہ لوگوں کو آپس میں جوڑنے کا بہترین وسیلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ثقافتوں کا احترام کرنا اور باہمی اتحاد کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔

بقیہ 25

بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس وقت کوئٹہ شہر میں 25 گرین بسیں فعال ہیں، جن میں سے 4 بسیں خصوصی طور پر خواتین کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ خواتین کے لیے مختص بسوں پر خواتین اسٹاف بھی تعینات کردیا گیا ہے، تاکہ خواتین مسافروں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکام نے بتایا کہ گرین بس سروس کوئٹہ شہر میں چار مختلف روٹس پر صبح 7 بجے سے رات 9 بجے تک چلائی جارہی ہے۔

بقیہ 26

میدان نوجوانوں میں خود اعتمادی، نظم و ضبط، برداشت اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بیٹیاں کھیل کے میدان میں کامیابیاں حاصل کرکے بلوچستان کی ایک مثبت اور روشن



چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے پارلیمنٹری سیکرٹری برائے اربن پلاننگ ڈویلپمنٹ اسفندیار خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے حالات گزشتہ ڈھائی سال میں زیادہ خراب ہوئے، جعفر خان مندوخیل

حکومت حالات پر قابو پانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے، شاہراہوں پر خراب امن وامان کی صورتحال تشویش کا باعث ہے

باغات کے اندر فائرنگ سمیت کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں باغ مالکان کو ریاستی اداروں کو آگاہ کرنا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات گزشتہ ڈھائی سال کے دوران زیادہ خراب ہوئے ہیں، تاہم حکومت حالات پر قابو پانے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے، شاہراہوں پر خراب امن و امان کی صورتحال تشویش کا باعث ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل نے کہا کہ باغات کے اندر فائرنگ سمیت کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں باغ مالکان کو ریاستی اداروں کو آگاہ کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ باغات کاٹنے کی بات وزیر اعلیٰ بلوچستان نے روانی میں کہہ دی تھی۔گورنر بلوچستان نے کہا کہ خواتین کی بااختیاری کو ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہر شخص کو سرکاری ملازمت فراہم نہیں کرسکتی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7پر)

زابدریکی نے مکمل ہونے والے شہر کے حفاظتی ڈیم کا افتتاح کردیا

واشک (این این ائی) بارشوں اور ندی نالوں کے سیلابی پانی سے شہر کو درپیش دیرینہ خطرے کے خاتمے کی جانب (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7پر)

اب تک تقریباً 8 لاکھ افغان مہاجرین کو واپس افغانستان بھیجا جا چکا ہے، ذیشان لاشاری

23ہزار افغان مہاجرین کی واپسی کے لیے کارروائیاں جاری، اداروں کو رابطہ کاری موثر بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت غیر ملکیوں اور افغان مہاجرین کی واپسی، جاری کارروائیوں اور پیش رفت کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ، اسپیشل برانچ، پولیس، ایف آئی اے، نادرا محکمہ داخلہ، اقوام متحدہ کے افغان مہاجرین سے متعلق اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں افغان مہاجرین کی واپسی کے لیے اب تک کی جانے والی کارروائیوں، انتظامی اقدامات، پیش (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کوئٹہ ڈویژن میں غیر ملکی اور افغان مہاجرین کیخلاف کارروائی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہوچکی ہے، لالا یوسف خلجی

پڑھے لکھے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے نوکریوں کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پڑھے لکھے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے نوکریوں کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جبکہ وزراء اور سیکرٹریز سرعام سرکاری نوکریاں فروخت کررہے ہیں جس سے نوجوانوں میں مایوسی پائی جاتی ہے اور وہ غلط راستوں کا انتخاب کرنے پر مجبور ہیں، وزراء اور سیکرٹریز نے اگر اپنے رویئے تبدیل نہ کیے تو وہ دن دور نہیں جب عوام حکمرانوں کو گریبانوں سے پکڑ کر روڈ پر گھسیٹیں گے اور انہیں بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔یہ بات انہوں نے بدھ کو (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کا محکمہ زراعت توسیع کے دفتر کا اچانک دورہ

گوادر (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے محکمہ زراعت توسیع کے دفتر کا اچانک دورہ کیا، جہاں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ نے انہیں محکمانہ کارکردگی، عملے کی حاضری، جاری زرعی سرگرمیوں اور زمینداروں کو درپیش مسائل پر بریفنگ دی مولانا ہدایت الرحمٰن نے زمینداروں کی پیائش کا عمل جاری رکھنے، مکمل رجسٹریشن والے زمینداروں کو انکم ٹیکس سے متعلق رہنمائی فراہم کرنے اور خشک سالی و پانی کی قلت کے پیش نظر مستحق (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

بلوچستان موت اور خوف کی وادی بن چکا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

حکمرانوں کی توجہ عوام کے تحفظ کے بجائے ریڈزون کی حفاظت تک محدود ہوگئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان موت اور خوف کی وادی بن چکا ہے جہاں ہر طرف قتل و غارت گری کا بے رحم بازار گرم ہے۔حکومتی نااہلی اور امن وامان کی مسلسل ابتر صورتحال کے باعث بلوچستان کا ہر شہر اور گلی کوچہ عملاً نوگوایریا بن چکا ہے جہاں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

کوئٹہ پولیس نے کمسن بچے کے قتل میں ملوث خاتون کو گرفتار کرلیا، کمسن بچے کی سگی چچی قاتل نکلی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے کمسن بچے کے قتل میں ملوث خاتون کو گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق 22 اگست 2026، کو کمسن بچے علی شاہ کی گمشدگی کے بعد اسکی لاش گھر کے قریب سے ایک بوری میں ملی تھی واقعے کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف غیر مصدقہ افواہیں گردش کرتی رہیں جن میں بچے کو مبینہ زیادتی کے بعد قتل کرکے پھینکے جانے اور تاوان کی غرض سے اغوا کیے جانے سمیت مختلف قیاس آرائیاں شامل تھیں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال پاک چائنہ فرینڈ شپ سینٹر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائے، حسیب شجاع

ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، کم تولنے اور ملاوٹ جیسے عوام دشمن اقدامات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت انجمن تاجران اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، ملاوٹ، کم تولنے، بازار میں تجاوزات، ٹریفک کے مسائل اور دیگر شہری مشکلات کے حل کے لیے تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی اور متعلقہ افسران سمیت تاجر برادری کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران اشیائے ضروریہ کی سرکاری نرخ نامے کے مطابق فروخت، قیمتوں میں استحکام، خواتین (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

کوئٹہ میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

شہید ہونے والے پولیس اہلکار محمد عباس کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے خلجی کالونی علی زئی اسٹریٹ میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار محمد عباس کو شہید کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ تھانہ شہید عبدالخالق کے عملے نے موقع پر پہنچ کر نعش کو فوری طور پر ہسپتال پہنچادیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔دریں اثناء شہید ہونے والے پولیس اہلکار محمد عباس کی نماز جنازہ ادا کردی گئی نمازِ جنازہ میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

سیدال خان ناصر کی مختلف وفود سے ملاقاتیں، ملکی امور پر تبادلہ خیال

نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے، گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ جناب سیدال خان ناصر نے سابق ناظم و سابق رکن قومی اسمبلی حمایت اللہ مایار، ریٹائرڈ بیوروکریٹس، طلبہ تنظیموں، وکلاء تنظیموں، قبائلی عمائدین اور تاجر تنظیموں کے نمائندگان سے ملاقاتیں کیں۔ملاقاتوں کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، عوامی مسائل اور دیگر اہم قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ملکی ترقی، معاشی استحکام، جمہوری عمل کے تسلسل اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون اور مثبت کردار کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

کوئٹہ گرین بس سروس کی بہتری، 17 مزید الیکٹرک بسیں جلد شامل کرنے کا اعلان

گرین بس اسٹاپس پر سہولیات، لائیو لوکیشن اور موبائل ایپ متعارف کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت کوئٹہ گرین بس میں سہولیات کی فراہمی اور بہتری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ نعمت اللہ ترین، متعلقہ آپریٹنگ کنسلٹنٹ، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران آپریٹنگ ایجنسی کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ گرین بس سروس کے مختلف امور، روٹس، بس اسٹاپس، آپریشنل نظام اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سفری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7پر)

کھیلوں کے میدانوں کو مزید آباد کیا جائے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

بلوچستان کی بیٹیاں کھیلوں میں کامیابی سے صوبے اور پاکستان کا نام روشن کر رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان خصوصاً ہماری بیٹیاں بے پناہ صلاحیتوں کی مالک ہیں، کھیل کے میدانوں میں ان کی کامیابیاں نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کے لیے بھی باعثِ فخر ہیں۔نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع اور سہولیات فراہم کرکے ان کی صلاحیتوں کو ملک وقوم کی خدمت کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔7ویں خواتین بلوچستان ووشو چیمپئن شپ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور چیف گیسٹ خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کھیل کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)

جعفرآباد ڈی سی کی زیرِ صدارت ہم اجلاس، امن وامان اور غیر قانونی سرگرمیوں کا جائزہ

اسمگلنگ، منشیات اور غیر قانونی نقل وحمل کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیرِ صدارت آج تین اہم اجلاس منعقد ہوئے جن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی سی سی)، ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی آئی سی سی) اور ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی (ڈی آئی سی) کے اجلاس شامل تھے۔ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

کراچی: خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری سے اقوام متحدہ کے عالمی غذائی پروگرام کا وفد سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

حرمین شریفین کی سرزمین کا امن پوری دنیا کے مسلمانوں کے دلوں کی آواز ہے، جمعیت کوئٹہ

سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کا حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے تشویش کا باعث ہے، مولانا عبدالواسع

پاکستان اور سعودی عرب سمیت تمام اسلامی ممالک کو امن، استحکام اور مسلم امہ کے اجتماعی مفادات کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی، مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے مکہ مکرمہ پر حوثیوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری پر کسی بھی قسم کا حملہ پوری امت مسلمہ کے لیے تشویش کا باعث ہے سعودی عرب کے امن واستحکام کے لیے پاکستان اور پاکستانی قوم سعودی عوام کے ساتھ کھڑی ہے، حرمین شریفین کی سرزمین کا امن پوری دنیا کے مسلمانوں کے دلوں کی آواز ہے سعودی عرب کے خلاف دہشت گردی اور جارحیت خطے کے امن کو متاثر کرنے کی کوشش ہے جے یو آئی ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی اور تشدد کو مسترد کرتی ہے مسلم ممالک کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر امت کے مشترکہ مفادات اور اجتماعی سلامتی کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7پر)

مکہ مکرمہ کے مقدس مقام پر حملے کی کوشش ناقابلِ معافی ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ورکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے مکہ مکرمہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)

سردار سرفراز ڈومکی کی یادیں ہمیشہ دل میں زندہ رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

سادہ طبیعت، زمین سے جڑے ہوئے، محبت کرنے والے اور دوسروں کا خیال رکھنے والے انسان تھے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دیرینہ دوست سردار سرفراز خان ڈومکی کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وقت کتنی تیزی سے گزر جاتا ہے، اس کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب اپنے کسی عزیز کی جدائی کو برسوں بیت جائیں، تاہم بعض لوگ اپنی محبت، خلوص اور خوبصورت یادوں کے باعث کبھی فراموش نہیں ہوتے سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سردار سرفراز ڈومکی ان کے جاننے والے انتہائی شفیق، منکسر المزاج اور مخلص لوگوں میں (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات حملہ ناقابل قبول ہے، بلال مندوخیل

مسلم دنیا مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی کے معاملے پر متحد ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی مبینہ کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقدس مقامات کی حرمت اور سلامتی پوری امتِ مسلمہ کے لیے انتہائی اہم ہے۔اپنے ایک بیان میں سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور دیگر مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کے حملے کا نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔مقدس مقامات کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کا احترام کیا جانا چاہیے، جبکہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

نقوش وطن: قومی ثقافتی بیانیہ کے حوالے سے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی میں میگا سیمینار کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس حکومت بلوچستان اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے اشتراک سے سردار بہادر خان یونیورسٹی میں ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت، اورنگزیب خان کچی، وزیر تعلیم بلوچستان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7پر)

ملاوٹی دودھ کیخلاف فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 2 یونٹس سیل، 18 مراکز پر جرمانے

19ہزار 221 لیٹر دودھ کی جانچ، 2ہزار لیٹر مضر دودھ اور بڑی مقدار میں دہی تلف

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر ملاوٹی اور ناقص معیار کے دودھ ودہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبے بھر میں خصوصی مہم کا آغاز کردیا ہے۔مہم کے تحت کوئٹہ اور لورالائی میں دودھ فروشوں، دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں، ملک سپلائرز اور دیگر مشتبہ مقامات کی بڑے پیمانے پر چیکنگ اور دودھ کے معیار کی جانچ کی گئی۔بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپیکشن ٹیموں نے خصوصی مہم کے پہلے روز کوئٹہ اور لورالائی میں کارروائیاں کرتے ہوئے 2 یونٹس سیل جبکہ 18 مراکز اور ملک سپلائرز کو جرمانے کیے۔کارروائیوں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7پر)

پانی کی غیر قانونی طور پر کراچی ترسیل میں ملوث مافیا کیخلاف سخت کارروائی کی جارہی ہے، کمشنر لسبیلہ

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کے احکامات پر اریگیشن کینال حب سے پانی چوری کی روک تھام اور مستقل نگرانی کیمونٹی میکانزم پر کام شروع کردیا گیا ہے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو پشین دورے کے موقع پر ایس ایس پی کیپٹن (ر) نوید عالم بریفنگ دے رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

دانش یونیورسٹی
Daanish University

وزیر اعظم پاکستان کا اہم منصوبہ دانش یونیورسٹی (DU) اسلام آباد، *STEAM کی اعلیٰ تعلیم اور عملی تحقیق کا قومی مرکز ہے۔
BS ڈگری پروگرام کا آغاز 2027 سے ہوگا

آپ کو دانش یونیورسٹی میں ایڈمیشن کی تیاری کے لیے **ورچوئل اسکول** میں شمولیت کی دعوت دی جاتی ہے۔

بنو پاکستان کا مستقبل

ایم آئی ٹی، آکسفرڈ، اسٹینفرڈ اور دنیا کے دوسرے معروف تعلیمی اداروں سے تربیت یافتہ اساتذہ کی زیرِ نگرانی اِن مضامین کی تیاری کریں

MATHEMATICS | CHEMISTRY | BIOLOGY
ENGLISH | PHYSICS | COMPUTER SCIENCE

اہلیت: FSc. سال دوم اور A Level کے طلبہ

ایڈمیشن ٹیسٹ کے لیے اپلائی کریں، جو 24 اکتوبر 2026 کو ملک کے 40 سے زائد شہروں میں منعقد ہوگا۔

100% FREE
نہ رجسٹریشن فیس، نہ ٹیوشن فیس

اہل طلبہ کے لیے
CHROMEBOOK

15 اکتوبر 2026 تک اپلائی کرنے کے لیے
QR کوڈ اسکین کریں
تفصیلات www.du.edu.pk پر دستیاب ہیں

دانش یونیورسٹی میں داخلے کے لیے پہلا قدم اٹھائیں

*Science, Technology, Engineering, Arts and Mathematics

PID(I) 2563-D/26

www.du.edu.pk | support@du.edu.pk | 0311-1098082 | @DaanishUniversity | @DaanishUniversity